Daily PUBLIC KARACHI
روزنامہ پبلک کراچی
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 12 | پیر 21 ستمبر 2026ء 08 ربیع الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 180

وفاقی حکومت کا بجلی کی خرید و فروخت سے دستبرداری کا اعلان

بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید و فروخت کریں گے ،وزیر توانائی اویس لغاری

عوام کو سستی بجلی کی فراہمی ترجیح ہے ، آئندہ پانچ سال میں 800 میگاواٹ کی نیلامی کی جائیگی ، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر توانائی اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ حکومت بجلی کی خریداری سے عملی طور پر باہر ہو رہی ہے، کسی کو اجازت نہیں ہوگا کہ حکومت کو بجلی بیچے اور حکومت خریدے گی ملک میں بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید و فروخت کریں گے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اویس احمد خان لغاری کا کہنا تھا کہ عوام کو سستی بجلی کی فراہمی ترجیح ہے، آئندہ پانچ سال میں 800 میگاواٹ بجلی کی نیلامی کی جائے گی، پہلے مرحلے میں 400 میگاواٹ بجلی کھلے مقابلے کے ذریعے دی جائے گی، کاروباری ادارے اور صنعتیں مسابقتی بنیادوں پر پاور پلانٹس سے بجلی خرید سکیں گے۔ انہوں نے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)



پیر میں سینیٹ یوسف رضا گیلانی پاکستان آٹوموبائل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پاما) کے زیر اہتمام پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو کا افتتاح کر رہے ہیں

صفائی نصف ایمان، صاف ستھرا پنجاب صحت مند اور خوشحال مستقبل کی بنیاد ہے، مریم نواز

پہلی مرتبہ شہروں، 25 ہزار گاؤں کی صفائی کا منظم پروگرام شروع، روڈز، گلی محلوں میں سیف سٹی کیمروں سے جائزہ لیا جا رہا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

صاف ستھرا ماحول بیماریوں سے بچاؤ اور بہتر معیار زندگی کی ضمانت، صفائی پر قرار کمشنر، شہریوں کا فرض ہے حکومت کا ساتھ دینا، ہر گھر کا اہلکار صفائی پر مامور

لاہور (صباح نیوز) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ صفائی ہر مسلمان کے لیے نصف ایمان کا درجہ رکھتی ہے، جبکہ صاف ستھرا پنجاب صحت مند اور خوشحال مستقبل کی بنیاد ہے۔ مریم نواز نے مالی یوم صفائی پر اپنے پیغام میں کہا کہ ستھرا پنجاب، آرکیٹیکٹ سٹی اور صحت مند پنجاب کی بنیاد ہے، ستھرا پنجاب دنیا بھر میں اپنی نوعیت کا سب سے بڑا ریجنل آرکیٹیکٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلی مرتبہ شہروں کے ساتھ ساتھ 25 ہزار گاؤں کی صفائی کا منظم پروگرام شروع کیا گیا ہے، پنجاب کے روڈز، گلی محلوں میں سیف سٹی کیمروں سے بھی صفائی کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے، گلی محلوں کی صفائی کرانا حکومت کی ذمہ داری ہے، مگر صفائی برقرار رکھنا شہریوں کا فرض ہے، ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت پائیدار اور ماحول دوست اقدامات کیے جا رہے ہیں، مریم نواز نے کہا کہ صاف ستھرا ماحول بیماریوں سے بچاؤ اور بہتر معیار زندگی کی ضمانت ہے، صفائی کا عملی مظاہرہ کرنے والے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، جعلی سرکاری مہروں اور پوسٹل اسٹیکرز کے ذریعے کاغذات کی تصدیق کا نیٹ ورک پکڑا گیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) اسلام آباد میں جعلی سرکاری مہروں اور پوسٹل اسٹیکرز کے ذریعے کاغذات کی تصدیق کا نیٹ ورک بے نقاب، ایف آئی اے نے تہہ خانے سے بھاری مشینری برآمد کر لی، میڈیا رپورٹ کے مطابق گزشتہ روز ایف آئی اے نے تہہ خانے پر چھاپہ مار کر جعلی پوسٹل اسٹیکرز اور سرکاری مہروں کے نیٹ ورک کو بے نقاب کر دیا، ایف آئی اے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

وزیر توانائی کی قیادت میں ملک کی پہلی ویلنگ نیلامی کے لیے آئی پی جاری

400 میگاواٹ کی نگہ آشنا شفاف اور مسابقتی بولی کے ذریعے پیش کی جائے گی، اعلامیہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) وفاقی وزیر برائے توانائی اویس احمد خان لغاری کی قیادت میں بجلی کے شعبے کو سنگل بزار ماڈل سے بتدریج مسابقتی تھوک بجلی منڈی کی جانب منتقل کرنے کے عمل میں اہم پیش رفت کے تحت ملک کی پہلی ویلنگ نیلامی کیلئے آئی پی جاری کر دیا گیا ہے، اقدام کنٹرولڈ فری فلوٹنگ پائی لیبرل کنٹریکٹ مارکیٹ (سی ایف ایم) کے تحت کیا جا رہا ہے، وزارت توانائی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)


ناروال، وفاقی وزیر احسن اقبال معروف شاعرہ و مصنفہ عثمان منگل سے اگلے بھائی کی وفات پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

ویول ٹیکسٹائل سیکٹر میں 1 لاکھ 45 ہزار سے زائد افراد موٹر سائیکل سے رجسٹرڈ

گزشتہ روز 5 لاکھ 45 ہزار سے زائد ٹوکن جاری کیے، سیکٹر میں رجسٹرڈ 92 فیصد افراد موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشا والے ہیں جن کے مالک بننے کی شرط بھی ختم کر دی، عطا تارڑ

سڑکوں کی بندش، عوام کی آمد و رفت میں خلل بارے اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، انتظامیہ یقینی بنائے گی کہ اس میں کسی قسم کا کوئی خلل نہ آئے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ایسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ہماری ذمہ داری ہے کوئی پریشر، دھرنا اسلام آباد نہیں آنے گا، اسلام آباد کی سڑکوں کی بندش اور عوام کی آمد و رفت میں خلل سے متعلق عدالت کے واضح احکامات ہیں، انتظامیہ یقینی بنائے گی کہ کوئی خلل نہ آئے، اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ سڑکوں کی بندش اور عوام کی آمد و رفت میں خلل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

وزیر خزانہ

احتجاج اور دھرنوں سے معیشت کو یومیہ 120 ارب کا نقصان ہوتا ہے

ہڑتالوں سے معاشی ترقی کا سفر رک سکتا، موجودہ حالات میں مارچ، دھرنے سمجھ سے بالاتر ہیں، محمد اورنگزیب

زرمبادلہ کے ذخائر مئی کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے ،مالیاتی خسارے میں کمی واقع ہوئی، پریس کانفرنس

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اب معاشی استحکام سے معاشی ترقی کی جانب سفر کر رہا ہے، ایسے میں احتجاج اور دھرنوں سے معیشت کو یومیہ 120 ارب روپے کا نقصان ہوگا، اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)


لاہور، وزیر اعظم کی قومی پیغام امن بیٹی کے کوآرڈی نیٹر حافظ طاہر اشرفی کا اوز بک میڈیا نمائندگان سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کیلئے اسحاق ڈار نیویارک چلے گئے

21 سے 25 ستمبر تک وزیر اعظم کے ہمراہ ہوں گے، اہم سفارتی ملاقاتیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) پاکستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد سے نیویارک پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ 21 سے 25 ستمبر تک وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے ہمراہ ہوں گے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا کہ اس اعلیٰ سطحی نشست کے دوران نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کا پروگرام وسیع اور مختلف نوعیت کی سرگرمیوں پر مشتمل ہوگا۔ بیان کے مطابق وزیر خارجہ اور وزیر اعظم کنعیر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اڈیالہ جیل میں عمران خان کا طبی معائنہ، مختلف ٹیسٹ کیے گئے

بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور آنکھوں سمیت مکمل طبی معائنہ کیا گیا، جیل ذرائع

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ) اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کا طبی معائنہ کیا گیا، جیل ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل آنے والی خصوصی میڈیکل ٹیم عمران خان کا طبی معائنہ مکمل کرنے کے بعد واپس روانہ ہوئی، جیل ذرائع نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کے بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور آنکھوں سمیت مکمل طبی معائنہ کیا گیا، میڈیکل ٹیم کی سربراہی پمز اسپتال کے ڈاکٹر عارف خان کر رہے تھے، جیل ذرائع کے مطابق میڈیکل ٹیم کو اڈیالہ جیل اسپتال کے طبی عملے کی بھی معاونت حاصل تھی، خیال رہے کہ اس سے قبل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

پنجاب میں کینسر کے مریضوں کا مفت علاج کیا جائیگا، مریم نواز

وزیر اعلیٰ نے ملتان میں کینسر ٹریٹمنٹ کیلئے کوالیشن اور کینسر سینٹر کا افتتاح کر دیا ہے، صوبائی وزیر اطلاعات

کینسر کے مریضوں کو طویل تاریخیں نہیں دی جائیں گی، مریض کا علاج صرف 60 منٹ میں مکمل ہوگا، بیان

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ لاہور کے بعد اب ملتان میں بھی کینسر کے مریضوں کا مفت علاج کیا جائے گا، اپنے بیان میں فیاض الحسن چوہان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ملتان میں کینسر ٹریٹمنٹ کے لیے کوالیشن اور کینسر سینٹر کا افتتاح کر دیا ہے، جہاں کینسر کے ہر اسٹیج کے مریضوں کا مفت علاج ہوگا، انہوں نے کہا کہ کینسر کے مریضوں کو علاج کے لیے طویل تاریخیں نہیں دی جائیں گی، جبکہ مریض کا علاج صرف 60 منٹ میں مکمل ہوگا، فیاض الحسن چوہان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ملتان میں کینسر ٹریٹمنٹ کے لیے کوالیشن اور کینسر سینٹر کا افتتاح کر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پاکستان نے مشکل حالات میں اپنی دفاعی صلاحیت دنیا پر ثابت کی، سپیکر

معاشی استحکام جمہوریت میں کی بدولت سیاسی استحکام کی بہتری قومی ترجیحات ہونی چاہئیں، ملک محمد احمد خان

لاہور (خصوصی رپورٹ) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اپنی دفاعی صلاحیت کے ساتھ معاشی استحکام بھی ناگزیر ہے، سیاسی عدم استحکام اور ترقی کے لبادے پر بھی بے یقینی ہوتی ہے، مشکل حالات کے باوجود کاروباری برادری کی جانب سے سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں کا جاری رکھنا امید کی علامت ہے، گورنمنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے منتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران پاکستان نے مثر دفاعی صلاحیت کا مظاہرہ کیا، جس سے دنیا نے پاکستان کی عسکری اور تکنیکی استعداد کو دیکھا، ان کے مطابق پاکستان کی دفاعی صلاحیت نے ملک کے وقار اور قومی اعتماد کو تقویت دی، تاہم ریاستوں کے درمیان تنازعات کا کبھی خاتمہ نہیں بلکہ سفارت کاری، مکالمہ اور امن ہے، سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

کہوٹہ پر راپاپولیس لائنز میں خودکش حملے کا مقدمہ تھانہ سٹی ٹی ڈی میں درج

مقدمہ ایس ایچ او تھانہ سٹی کہوٹہ کی مدعیت میں نامعلوم دہشت گردوں کے خلاف درج کیا گیا

پنڈورہ (خصوصی رپورٹ) کہوٹہ کے پراپاپولیس لائنز میں ہونے والے خودکش حملے کا مقدمہ تھانہ سٹی ٹی ڈی میں درج کرلیا گیا، پولیس کے مطابق مقدمہ ایس ایچ او تھانہ سٹی کہوٹہ کی مدعیت میں نامعلوم دہشت گردوں کے خلاف درج کیا گیا ہے، پولیس کے مطابق مقدمے میں دہشت گردی، قتل، اقدام قتل اور دیگر دفعات شامل کی گئی ہیں، ایف آئی آر کے متن کے مطابق مسجد پولیس لائنز پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے یلغار سے بھری گاڑی کے ذریعے خودکش حملہ کیا، جس کے بعد دہشت گردوں نے فائرنگ بھی کی، ایف آئی آر کے مطابق دہشت گردوں نے مسجد کے راستے کو داخلی راستے کے طور پر استعمال کیا اور اندر حملہ آور نے فائرنگ کرتے ہوئے پولیس لائنز کے اندر داخل ہوئے، حملے کے دوران دہشت گردوں کی فائرنگ اور دستی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

حافظ نعیم کی قیادت میں کراچی سے سپر ٹرین مارچ کا آغاز، کارکنوں نے الوداع کیا

حکومت کے پاس صرف ایک ہی راستہ ہے کہ یہی بھتہ ختم کرے، حکمت عملی کے مطابق لوگ اسلام آباد روانہ ہو چکے ہیں

حکومتی پالیسی سے عوام بدترین پریشانی کا شکار، ایسا نہ ہو کہ احتجاج حکومت گراؤ تحریک میں بدل جائے، امیر جماعت اسلامی

کراچی (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں پیڈرو لیم یونی کے طلبہ کے مطالبے کے لیے کراچی سے سپر ٹرین مارچ کا آغاز ہوگیا، کراچی کینٹ ریلوے اسٹیشن پر کارکنوں کی بڑی تعداد نے حافظ نعیم الرحمٰن کو الوداع کیا، اس کے بعد ڈرگ روڈ اور لانڈھی ریلوے اسٹیشن پر بھی کارکن بڑی تعداد میں اپنے قائد کو رخصت کرنے کے لیے موجود تھے۔ کراچی کینٹ ریلوے اسٹیشن پر روانگی کے موقع پر ٹرین مارچ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ حکمت عملی کے مطابق لوگ اسلام آباد روانہ ہو چکے ہیں، آج (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)


پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف مشق سی اسپارک 2026 کے دوران کریکس ایریا میں فوجیوں سے خطاب کر رہے ہیں

ملک بھر میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کا انعقاد، ایک لاکھ 38 ہزار 158 امیدوار شریک ہوئے

لاہور (خصوصی رپورٹ) ملک بھر میں ایم ڈی کیٹ 2026 ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا جس کیلئے مجموعی طور پر ایک لاکھ 38 ہزار 158 امیدوار رجسٹرڈ ہوئے تھے۔ ملک بھر میں ایم ڈی کیٹ کا ٹیسٹ آج دوپہر دو بجے شروع ہوا اور تین گھنٹے بعد مقررہ وقت پر ختم ہوا۔ پی ایم ڈی سی کے مطابق ایم ڈی کیٹ کے لیے ملک کے 34 شہروں اور سعودی عرب کے شہر ریاض میں امتحانی مراکز قائم کیے گئے۔ ایم ڈی کیٹ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

وزیر داخلہ کی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے گھر آمد، اہلخانہ سے تعزیت

شہید حمزہ نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے، پاکستان ہے تو ہم ہیں

والد کے خیالا، عظیم والد کے حوصلے پر پوری قوم کو ناز ہے، محسن نقوی کی بات چیت

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے شہید کے والد اور بھائی سے ملاقات کی اور دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا، وفاقی وزیر داخلہ نے شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی، انہوں نے شہید کے والد کے بلند حوصلے اور جذبے کو سراہا، شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے والد نے کہا کہ میرا بیٹا حمزہ پاکستان پر قربان ہوا اور میرا بھی پاکستان کے لیے حاضر ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید حمزہ نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے، پاکستان ہے تو ہم ہیں، پاکستان نہیں تو کچھ نہیں، محسن نقوی نے کہا کہ آپ جیسے عظیم والد کے حوصلے پر پوری قوم کو ناز ہے، شہید کیپٹن حمزہ اکرم کا غیر معمولی جرات اور بلند جذبہ ہی قوم کی اصل طاقت ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ کیپٹن حمزہ اکرم نے 7 خواتین کو اغوا ہونے سے بچایا، شہید کیپٹن حمزہ اکرم سمیت ہر شہید کے خون کا ایک ایک (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف مشق سی اسپارک 2026 کے دوران کریکس ایریا میں فوجیوں سے خطاب کر رہے ہیں

ملک بھر میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کا انعقاد، ایک لاکھ 38 ہزار 158 امیدوار شریک ہوئے

وزیر داخلہ کی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے گھر آمد، اہلخانہ سے تعزیت

شہید حمزہ نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے، پاکستان ہے تو ہم ہیں

والد کے خیالا، عظیم والد کے حوصلے پر پوری قوم کو ناز ہے، محسن نقوی کی بات چیت


سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان اہل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں

کراچی میں آئندہ 3 روز گرمی کی شدت میں اضافے کا امکان

درجہ حرارت 39 ڈگری تک پہنچنے کی پیش گوئی، موسم گرم و مرطوب رہنے کا امکان

کراچی (خصوصی رپورٹ) محکمہ موسمیات نے کراچی میں آئندہ 3 روز کے دوران گرمی کی شدت میں اضافے کی پیش گوئی کرتے ہوئے موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 3 روز کے دوران شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 سے 39 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہنے کا امکان ہے، جبکہ کم سے کم درجہ حرارت 27 ڈگری کے آس پاس رہ سکتا ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ تین روز کراچی میں کم سے کم درجہ حرارت 27 ڈگری سینٹی گریڈ رہا، اسکا امید ہوا میں نمی کا تناسب 74 فیصد رہا، شمال مغرب سے ہوائیں 14 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی رہیں، سوموار دیش گونی کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر میں سمندری ہواؤں کے ساتھ مغربی اور شمال مغربی سمت سے ہوائیں بھی چل سکتی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)


گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان عوام سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ سندھ کی نئے اسکول مکمل ہوتے ہی داخلہ مہم شروع کرنے کی ہدایت

تعمیر شدہ اسکول تکمیل کے قریب ڈھائی لاکھ بچوں کیلئے تعلیمی مواقع پیدا ہوں گے مراد علی شاہ

کراچی (خصوصی رپورٹ) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے سٹے اور ازسرنو تعمیر شدہ اسکول مکمل ہوتے ہی داخلہ مہم شروع کرنے اور ہر اسکول کو پہلے تعلیمی سال ہی سے فعال بنانے کی ہدایت کر دی، وزیر اعلیٰ ہاؤس میں تعلیمی انتظامی افسران کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

72 ای چالان والی موٹر سائیکل پکڑی گئی، ملزم نے جعلی نمبر پلیٹ لگا رکھی تھی

لاہور (خصوصی رپورٹ) ٹریفک پولیس نے 75 چالان ای چالان والی موٹر سائیکل پکڑ لی، ملزم نے ای چالان سے بچنے کے لیے اصل نمبر پلیٹ کی بجائے دوسرے موٹر سائیکل کا نمبر لگا رکھا تھا، ترجمان کے مطابق شکھانی روڈ پر ناردرن بائی پاس غلام مرتضیٰ نے ایجر ٹیکنک موٹر سائیکل روڈ پر کالا موٹر سائیکل نمبر APL.2026 کے ای چالان پیک کیے 72 چالان مل آئے، دوران جانچ پڑتال پتہ چلا کہ ملزم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

چھوٹے صوبے بنائیں، طریق کار آئینی و جمہوری ہونا چاہیے، سعدیہ رفیق

سنگین مسائل کے حل کی بجائے چھوٹے صوبوں کی تشکیل کو اولیت دینا شیر دا شمندانہ اقدام ہوگا

گورننس کی بہتری کیلئے آئینی تحفظ کے ساتھ این ایف سی طرز پر صوبائی فنانس کمشن بنایا جائے

لاہور (خصوصی رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ چھوٹے صوبے بنانے کا فیصلہ اس کیلئے درست وقت اور طریق کار آئینی و جمہوری ہونا چاہیے، دہشتگردی سیاسی انارکی اور معاشی بدحالی کی آگ میں جلتے ہوئے پاکستان میں پہلے سے موجود پیچیدہ اور سنجیدہ نوعیت کے مسائل کو اولیت دینا شیر دا شمندانہ اقدام ہوگا، اس وقت ایسا کرنا سیاسی نفرت، تقسیم اور انتشار کو ہوا دینے کے مترادف ہوگا، اپنے بیان میں سعدیہ رفیق نے کہا کہ گورننس کو بہتر کرنا ہے تو سب سے پہلے آئینی تحفظ کے ساتھ این ایف سی طرز پر صوبائی فنانس کمشن بنائیں، بااختیار مقامی حکومتوں کا نظام لائیں، سوسے اڑھائی سو تریم کے ذریعے ماسل شدہ وقت اضلاع کو منتقل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا پاکستان کو اپنے گلے کے ریاستی رحمل کا منظر ہے، مرکزی و صوبائی حکومتیں اور مکھوری ادارے مل کر ایک مربوط اور موثر حکمت عملی سامنے لائیں، (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

پاکستان کو بجلی کی پیداوار نہیں موثر استعمال سٹوریج کا چیلنج درپیش ہے، وزیر توانائی

ملک سولر بجلی کی استعداد 38 ہزار میگاواٹ پر پہنچ گئی، 2035 تک 90 فیصد صاف توانائی کا ہدف ہے

پاکستان کی توانائی کا مستقبل مقامی سورج، مقامی انجینئرز اور مقامی بیٹری اسٹوریج سے وابستہ ہے، سولر، اسٹوریج کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ پاکستان شعبہ توانائی میں تاریخی تبدیلی سے گزر رہا ہے، دو آسمی ایندھن پر انحصار کمی معیشت اور توانائی سلامتی کیلئے خطرہ ہے، پاکستان میں سولر بجلی کی استعداد 38 ہزار میگاواٹ پر پہنچ گئی، 2035 تک 90 فیصد صاف توانائی کا ہدف ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں سولر، اسٹوریج اینڈ الیکٹرک وہیکلز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اویس لغاری نے کہا کہ بجلی پیداوار نہیں بلکہ موثر استعمال اور انضمام کا چیلنج درپیش ہے، دن میں بجلی کی اضافی پیداوار اور رات کو طلب میں اضافہ ہمارے بجلی کے نظام کا بڑا مسئلہ ہے، ہماری انرجی اسٹوریج سسٹم بجلی کی ترسیل اور گرڈ کے انتظام کے لئے ناگزیر ہیں، وفاقی وزیر نے کہا کہ مقامی وسائل سے پیدا ہونے والی بجلی مقامی توانائی خودمختاری کو مضبوط بناتی ہے، (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22) درآمدی ایندھن


صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق کا کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں کنسلٹنٹ ایسوسی ایشن کے بعد گروپ فوٹو

پنجاب میں کینسر کے مریضوں کا مفت علاج کیا جائیگا، مریم نواز

وزیر اعلیٰ نے ملتان میں کینسر ٹریٹمنٹ کیلئے کوالیشن اور کینسر سینٹر کا افتتاح کر دیا ہے، صوبائی وزیر اطلاعات

کینسر کے مریضوں کو طویل تاریخیں نہیں دی جائیں گی، مریض کا علاج صرف 60 منٹ میں مکمل ہوگا، بیان


لاہور، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ لانگ مارچ سے متعلق پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ترجیحات کا مرکز عام آدمی کے مسائل کے حل کا پلان مرتب کر کے عملدرآمد یقینی بنائینگے، وزیر اعظم

حکومت اور عوام کے درمیان فاصلے مٹ گئے، وزیر اعظم آزاد کشمیر سے دن بھر عوامی وفود کی ملاقاتیں

ہماری حکومت کی توجہ ایسی تعمیر و ترقی پر مرکوز ہے، اپنے مسائل سے آگاہ کیا، وفود میں نوجوان اور خواتین بھی شامل تھیں

مظفر آباد (نیوز رپورٹ) حکومت اور عوام کے درمیان فاصلے مٹ گئے، وزیر اعظم افتخار گیلانی سے وزیر اعظم ہاؤس میں دن بھر عوامی وفود کی ملاقاتیں۔ وزیر اعظم افتخار گیلانی کو عوام کی جانب سے صبح سے شام تک مبارکبادیں، پھول اور دعائیں۔ شہری وزیر اعظم کو اپنے درمیان پا کر خوش۔ وزیر اعظم کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا، آزاد کشمیر کے تمام یونین کونسل سمیت نوجوان اور خواتین بھی شامل تھیں وزیر اعظم افتخار گیلانی نے کہا کہ ہماری حکومت کی توجہ ایسی تعمیر و ترقی پر مرکوز ہے، اپنے مسائل سے آگاہ کیا، وفود میں نوجوان اور خواتین بھی شامل تھیں وزیر اعظم افتخار گیلانی کو عوام کی جانب سے صبح سے شام تک مبارکبادیں، پھول اور دعائیں۔ شہری وزیر اعظم کو اپنے درمیان پا کر خوش۔ وزیر اعظم کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا، آزاد کشمیر کے تمام یونین کونسل سمیت نوجوان اور خواتین بھی شامل تھیں وزیر اعظم افتخار گیلانی کو عوام کی جانب سے صبح سے شام تک مبارکبادیں، پھول اور دعائیں۔ شہری وزیر اعظم کو اپنے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)


بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنیں نوریہ نیازی اور کئی خاتم میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

Scanned with CamScanner



ادارتی صفحہ

برآمدات میں اضافہ: معاشی ماحول بدلنے کی ضرورت

وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی برآمدات میں اضافے کو معاشی ترقی کی بنیاد بنانے، روایتی شعبوں کے ساتھ نئی صنعتوں کو عالمی منڈیوں میں متعارف کرانے، مصنوعات کا معیار بہتر بنانے، ویلیو ایڈیشن، جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کو فروغ دینے کی ہدایت کی ہے۔ بظاہر یہ سمت درست ہے، لیکن اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان کی برآمدات آخر اس رفتار سے کیوں نہیں بڑھ رہیں جس کی ملک کو ضرورت ہے؟ ورلڈ بینک کے مطابق پاکستان کی برآمدات کا حجم 1990 کی دہائی میں مجموعی قومی پیداوار کے تقریباً 16 فیصد کے برابر تھا، جو 2024 میں تقریباً 10 فیصد رہ گیا۔ اسی جائزے کے مطابق 2010 سے 2022 کے دوران پاکستان کی ممکنہ اور حقیقی برآمدات کے درمیان اوسطاً تقریباً 11 فیصد جی ڈی پی کے برابر فرق موجود رہا، یعنی ہماری معیشت اپنی ممکنہ برآمدی استعداد کا بڑا حصہ استعمال ہی نہیں کر رہی۔ ورلڈ بینک نے بھی پاکستان کے کم اور غیر مستحکم معاشی نمو کے بنیادی اسباب میں تحقظ پسند تجارتی پالیسیوں، غیر یقینی مالیاتی پالیسی، ریاست کے بڑے معاشی کردار اور غیر مسابقتی کاروباری ماحول کی نشاندہی کی ہے۔ پاکستان کی برآمدات کا ایک بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ہم اب بھی بڑی حد تک چند روایتی مصنوعات اور چند بڑی منڈیوں تک محدود ہیں۔ ٹیکسٹائل ہماری برآمدی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ضرور ہے، لیکن اگر خام یا نیم تیار مصنوعات زیادہ برآمد ہوں اور تیار شدہ مصنوعات، برانڈز اور عالمی سپلائی چین میں پاکستان کا حصہ محدود رہے تو برآمدی آمدنی میں مطلوبہ اضافہ نہیں ہو سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ ویلیو ایڈیشن محض ایک خوبصورت اصطلاح نہیں بلکہ پاکستان کی معاشی ضرورت ہے۔ کپاس سے دھاگا، دھاگے سے کپڑا اور کپڑے سے تیار ملبوسات تک ہر مرحلے پر قدر میں اضافہ کیا جائے، برانڈنگ کی جائے، ڈیزائن اور معیار بہتر بنایا جائے تو ایک ہی خام مال سے کہیں زیادہ زرمبادلہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ لیکن ویلیو ایڈیشن کے لیے صرف صنعت کار کو نصیحت کافی نہیں۔ بجلی اور گیس کی قیمت، ٹیکسوں کا بوجھ، درآمدی خام مال پر ڈیوٹیاں، ریفنڈز کی تاخیر، بندرگاہوں اور کسٹمز کے مسائل، مہنگی فنانسنگ اور پیچیدہ ضابطے براہ راست پیداواری لاگت بڑھاتے ہیں۔ اس لیے برآمدات بڑھانے کا پہلا اصول یہ ہونا چاہیے کہ جو صنعت عالمی منڈی کے لیے پیدا کر رہی ہے اسے عالمی مسابقت کے قریب ترین ماحول فراہم کیا جائے۔ اگر پاکستانی صنعت کار کو اپنے حریف ملک کے مقابلے میں بجلی مہنگی ملے، قرض مہنگا ملے، خام مال مہنگا ملے اور بندرگاہ سے سامان نکلنے میں زیادہ وقت اور خرچ آئے تو صرف "برآمدات بڑھائیں" کی ہدایت مطلوبہ نتائج پیدا نہیں کر سکتی۔ دوسرا بڑا مسئلہ تحقیق، ٹیکنالوجی اور انسانی وسائل کا ہے۔ دنیا کی تجارت تیزی سے بدل رہی ہے۔ مصنوعی ذہانت، آٹومیشن، جدید مینوفیکچرنگ، ڈیجیٹل خدمات اور ای کامرس نے عالمی تجارت کی نوعیت بدل دی ہے۔ پاکستان کے پاس نوجوان آبادی اور آئی ٹی کے شعبے میں قابل ذکر صلاحیت موجود ہے، مگر اسے مستقل پالیسی، تیز رفتار انٹرنیٹ، عالمی ادائیگیوں کے آسان نظام، تربیت اور کاروباری آزادی کی ضرورت ہے۔ مستقبل کی برآمدات صرف کپڑے، چاول اور کھیلوں کا سامان نہیں ہوں گی؛ سافٹ ویئر، انجینئرنگ، صحت، تعلیم، فری لانسنگ، فنون اور دیگر ڈیجیٹل خدمات بھی بڑے مواقع فراہم کر سکتی ہیں۔ اسی طرح زرعی برآمدات کے لیے بھی سوچ بدلنے کی ضرورت ہے۔ تیسرا اور شاید سب سے اہم معاملہ پالیسی کا تسلسل ہے۔ پاکستان میں حکومتیں بدلنے کے ساتھ پالیسیوں، ٹیکسوں، مراعات، درآمدی قواعد اور کاروباری ماحول میں تبدیلی سرمایہ کار کے لیے غیر یقینی پیدا کرتی رہی ہے۔ یہاں سیاسی اور داخلی امن کی اہمیت بھی نظرانداز نہیں کی جا سکتی۔ برآمدی صنعت کو صرف کارخانے کی ضرورت نہیں۔ اسے طویل المدت سرمایہ کاری، غیر ملکی خریداروں کا اعتماد، ہینگنگ روایتی، بیمہ، لاجسٹکس اور مکمل سپلائی چین کی ضرورت ہوتی ہے۔ سیاسی بے یقینی، احتجاج، بدامنی، سڑکوں کی بندش یا پالیسیوں میں اچانک تبدیلی ان تمام چیزوں کی لاگت بڑھا دیتی ہے۔ عالمی خریدار ایسی جگہ سے بڑے اور طویل مدتی آرڈر دینے میں احتیاط کرتے ہیں جہاں سپلائی میں غیر یقینی کا خدشہ ہو۔ اس لیے سیاسی استحکام کا مطلب صرف حکومت کا مضبوط ہونا نہیں۔ اس کا مطلب ایسا قابل اعتماد ماحول ہے جس میں حکومت، اپوزیشن، ریاستی ادارے اور کاروباری طبقہ کم از کم بنیادی معاشی پالیسیوں پر تسلسل اور قانون کی حکمرانی کو یقینی بنائیں۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ برآمدات میں اضافے کے لیے بعض پالیسی اقدامات اب سامنے آ رہے ہیں۔ سٹیٹ بینک نے یکم جولائی 2026 سے اضافی برآمدات پر کارکردگی کی بنیاد پر ریٹیو سکیم متعارف کرائی ہے، جس کے تحت برآمدی اضافے کی شرح کے مطابق ایک یا دو فیصد تک ریٹیوٹ کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ لیکن ایسی مراعات اسی وقت دیرپا فائدہ دیں گی جب ان کے ساتھ پیداواری لاگت، ٹیکنالوجی، معیار، تجارت کے طریقہ کار اور مارکیٹ تک رسائی کے بنیادی مسائل بھی حل ہوں۔ اصل معاشی کامیابی اس وقت ہوگی جب پاکستان کو ہر چند سال بعد زرمبادلہ کے بحران سے نکلنے کے لیے قرض پاسکانی انتظامات کی ضرورت نہ پڑے بلکہ اس کی اپنی صنعت زراعت اور خدمات مسلسل زیادہ زرمبادلہ کمارہی ہوں۔ برآمدات میں اضافہ کسی ایک اجلاس، ایک پالیسی یا ایک وزیر کی کارکردگی کا امتحان نہیں۔ یہ پورے معاشی نظام کی کارکردگی کا آئینہ ہے۔ وزیراعظم کی ہدایات اس سمت کی نشاندہی ضرور کرتی ہیں، مگر اب اصل امتحان عملدرآمد کا ہے۔ پاکستان کو اگر پائیدار معاشی ترقی چاہیے تو اسے کھپت پر مبنی معیشت سے پیداوار، مسابقت اور برآمدات پر مبنی معیشت کی طرف منتقل ہونا ہوگا۔

اصطلاحات کا کھیل

پاکستان ملک کے بھارت کی عدالت میں جمع کرائے گئے بیان کی انٹرنیشنل میڈیا میں کوریج دیکھی تو اصطلاحات کی واردات نے حیران کر دیا۔ ان کے لیے سخت گیر اور علیحدگی پسند کے اغلاظ استعمال کیے گئے۔ بالکل ایسے ہی جیسے سید علی گیلانی کی رحلت پر بین الاقوامی میڈیا نے بڑی غلط بیانی کی تھی۔ "علیحدگی پسند" اور "سخت گیر" رہنما کے اغلاظ کے ساتھ یاد کیا تھا۔ سوال یہ ہے کیا صحافتی اخلاقیات کے تحت یہ ایک درست حرکت ہے؟ کیا ان اصطلاحات کا استعمال بین الاقوامی میڈیا کے معیار صحافت پر سوال نہیں اٹھاتا؟ سید علی گیلانی ہوں یا یاسین ملک ہوں یا کوئی اور کشمیری اسیر یا شہید، وہ Separatist یعنی علیحدگی پسند کیسے ہو گئے؟ وہ تو آزادی پسند تھے۔ انہیں مگر حریت پسند نہیں لکھا جا رہا علیحدگی پسند لکھا جا رہا ہے۔ کیا کشمیر بھارت کا حصہ بن چکا ہے کہ سید علی گیلانی اس سے علیحدہ ہونا چاہتے تھے یا یاسین ملک اب اس سے الگ ہونا چاہتے ہیں؟ علیحدگی کا تو یہاں سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ ابھی تو کشمیر نے شمولیت کا فیصلہ بھی نہیں کیا۔ اگر ایسا کوئی فیصلہ ہو چکا ہوتا اور اس کے بعد یہ آواز بلند کرتے تو انہیں علیحدگی پسند کہا جا سکتا تھا۔ یہ تو اقوام متحدہ کے دیے گئے حق خود ارادیت کے لیے جدوجہد کرتے رہے اور کر رہے ہیں۔ علیحدگی کا سوال تو وہاں کھڑا ہوتا ہے جہاں کوئی بندھن قائم ہو چکا ہو۔ جہاں شمولیت یا عدم شمولیت کا فیصلہ ابھی ہونا ہو وہاں علیحدگی پسندی اصطلاح کیسے استعمال کی جا رہی ہے؟ بھارت کی کسی اور ریاست یا صوبے کا کوئی رہنما ہو

آصف محمود

بھارت سے الگ ہونا چاہے تو اس کے لیے علیحدگی پسند کا لفظ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ وہ ایک طے شدہ اور معینہ بھارتی حدود سے الگ ہونا چاہتا ہوگا۔ لیکن اقوام متحدہ کے ضوابط اور بین الاقوامی قانون کے تحت کشمیر بھارت کا حصہ نہیں ہے۔ کشمیر نے اپنے مستقبل کا فیصلہ ابھی کرنا ہے۔ سلامتی کونسل اپنی 30 مارچ 1951 اور پھر نومبر 1956 کی قراردادوں میں یہ اصول طے کر چکی ہے کہ مقامی سطح پر کیا گیا کوئی بھی دو طرفہ یا حتیٰ کہ بین الاقوامی معاہدہ بھی کشمیر کے حق خود ارادیت کا متبادل نہیں ہو سکتا۔ جو مسئلہ اقوام متحدہ میں سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر ہو اور جس میں حق خود ارادیت جیسے آفاقی اصول کی بات ہو اور جس کے بارے میں سلامتی کونسل طے کر چکی ہو کہ اسے بلکہ فوری طور پر سلامتی کونسل کے ایجنڈے سے خارج نہیں کیا جا سکتا اور جس معاملے کا اقوام متحدہ میں عنوان ہی بھارت پاکستان تنازعہ کا ہو اس مسئلے کو بھارتی آئین میں ترمیم کے ذریعے حل نہیں کیا جا سکتا۔ وہ مسئلہ اقوام متحدہ کے طے شدہ طریق کار کے مطابق ہی حل ہوتا ہے۔ یاسین ملک کو دیکھ لیجیے کوئی حریت پسندی ہے یا علیحدگی پسندی ہے۔ بیٹی یہاں تڑپ رہی ہے، باپ جیل میں اس کے لئے تڑپ رہا ہے۔ جرم کیا ہے؟ یہی کہ اپنا آفاقی حق مانگ رہا ہے۔ حق خود ارادیت مانگ رہا ہے۔ مشرقی تیمور میں مسئلہ پیدا ہوا تو وہاں فوراً حق خود ارادیت کے لیے اقوام متحدہ پہنچ جاتی ہے لیکن کشمیر کا مسئلہ ہو تو بین الاقوامی اخبارات و جرائد یہ بھی نہیں لکھتے کہ ساری زندگی اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کا مطالبہ کرنے والے حریت پسند سید علی گیلانی انتقال کر گئے یا ساری عمر بھارتی تسلط کے خلاف جدوجہد کرنے والے یاسین ملک نے بیان میں یہ کہا، یہ سوال وہی ہے: کیا صحافتی اخلاقیات میں یہ ایک تحکمن عمل ہے؟ یہی معاملہ "سخت گیر" کی اصطلاح کا ہے۔ سوال یہ ہے کہ وہ کون سا صحافتی پیمانہ ہے جس پر علی گیلانی اور یاسین ملک سخت گیر ٹھہرے۔ زندگی کا قیمتی وقت جیلوں اور نظربندی کی صورت حراست میں گزارنے والے ان کا موقف کیا تھا؟ یہی کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی روشنی میں کشمیر کو حق خود ارادیت کے ذریعے اپنی قسمت کا فیصلہ کرنے دیا جائے۔ یہی کہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 2 کے تحت سلامتی کونسل اور جنرل اسمبلی کی قراردادوں پر عمل کرنا سب پر لازم ہے اور اس موقف کی تصدیح خود اقوام متحدہ کی Collective Measures Committee کر چکی ہے۔ علی گیلانی کا مطالبہ کیا تھا؟ یاسین ملک کا مطالبہ کیا ہے؟ یہی کہ سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق کشمیر بھارت کا حصہ نہیں ہے اور بھارت ناجائز قبضہ ختم کرے۔ اس میں سخت گیر کی بات کہاں سے آ گئی۔ یاسین ملک اگر سخت گیر ہے تو کیا مودی سابق ایچ کی ملکہ من ہے؟ اصطلاحات کا یہ کھیل بڑا ذو معنی ہے۔ ٹیلن منڈیلا کے لیے تو یہ میڈیا انقلابی رہنما کی اصطلاح استعمال کرتا ہے (اور اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ بہت بڑے انقلابی تھے) لیکن علی گیلانی اور یاسین ملک جیسوں کے لیے "سخت گیر" اور "علیحدگی پسند" کے اغلاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ حق خود ارادیت کے لیے جنرل اسمبلی کی قراردادوں (قرارداد نمبر 3314 اور قرارداد نمبر 37/43) کے تحت مسلمان اگر مزاحمت پر اتر آئے تو دہشت گرد کہلائے اور دلت قبول نہ کرے اور سیاہی جدوجہد کرے تو سخت گیر ٹھہرے۔ اے آزادی پسند نہیں لکھا جاتا بلکہ علیحدگی پسند لکھا جاتا ہے۔ اصطلاحات کا یہ کھیل بڑا بے رحم اور سفاک ہے۔ آج ہی ایک مغربی بریڈ پڑھ رہا تھا وہاں پر نوبل لاک ڈیجیٹری کی اصطلاح استعمال کی گئی۔ یعنی روس کے

"انسداد دہشت گردی ترمیمی ایکٹ 2026": سیمینار!

ویسے آج کل کوئی بھی ترمیمی بل اسمبلی میں پیش ہو جائے منظور کرا لیا جائے، دنگل ہو جائیں، کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہوتی۔ میڈیا پر بھی صرف "خبر" دی جاتی۔ پنجاب اسمبلی میں "انسداد دہشت گردی ایکٹ میں ترمیم" کے حوالے سے ایک بل پیش کیا گیا جس میں منصفانہ ٹرائل اور بنیادی انسانی حقوق کے حوالے سے سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ ترمیم کے تحت بعض مقدمات کو "اسپیشل سیکیورٹی کیس" قرار دے کر ٹرائل، گواہوں، تفتیشی افسران کی شناخت، عدالت کے مقام اور کیس ریکارڈ تک کو خفیہ رکھا جائے گا یعنی مقدمے کو "اسپیشل سیکیورٹی کیس" قرار دینے کا اختیار گریڈ 20 کے ایک ماتحت افسر کو دیا گیا ہے، مگر اس اختیار کے استعمال کے واضح اور شفاف معیار سامنے نہیں آتے۔ اسی ترمیمی بل پر بحث و مباحثے کے لیے راقم نے ایک سیمینار Punjab Anti-Terrorism Amendment Bill ۔ SECRET TRIAL کے عنوان سے منعقد کیا، جس میں وکلاء اور دیگر ماہرین کی رائے جاننے کی کوشش کی گئی۔ لاہور پریس کلب میں ہونے والے مذاکرہ سیمینار میں سابق ایڈووکیٹ جنرل سابق صدر لاہور ہائی ایسوسی ایشن مبشر رحمان، پنجاب پارٹی کے رہنما سابق وفاقی وزیر غلام عباس، سابق صدر لاہور ہائی ایسوسی ایشن مبشر رحمان، سینئر ایڈووکیٹ راجہ ذوالقرنین، صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری، سینئر ایڈووکیٹ خالد رانجھا، تحریک انصاف لاہور مجید نظامی، محمد حسین سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا۔۔۔ اس موقع پر سابق ایڈووکیٹ جنرل پنجاب احمد اویس نے کہا کہ خفیہ ٹرائل کا قانون آئین اور بنیادی حقوق کے خلاف ہے جسے منظوری دے کر ایکٹ نہیں بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ترمیمی بل کے تحت ٹرائل کا خفیہ رکھنے کی جو صورت سامنے آئی ہے، اس میں ریٹائرڈ جج کا نام معلوم ہوگا، نہ ملزم کا، نہ گواہ کا اور نہ ہی

علی احمد ڈھلوں

پراسیکیوٹر کی شناخت ظاہر کی جائے گی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر ٹرائل میں شامل بنیادی فریقوں اور عدالتی کارروائی کی شناخت ہی سامنے نہ آئے تو اسے منصفانہ ٹرائل کیسے قرار دیا جا سکتا ہے؟ یہ تصور آئین کے آرٹیکل 10-A میں دیے گئے فیئر ٹرائل کے حق سے متصادم ہے۔ انہوں نے آرٹیکل 8 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی قانون بنیادی حقوق کے خلاف نہیں بنایا جا سکتا، جبکہ آرٹیکل 4 کے تحت ہر شخص کو قانون کے مطابق تحفظ حاصل ہے۔ اگر کسی شخص کو سزا سنانے کے بعد اسے موثر طور پر اپیل کا حق بھی حاصل نہ رہے تو یہ سو فیصد تشویشناک ہوگی۔ سیمینار میں سابق وفاقی وزیر غلام عباس نے کہا کہ حکمران جو قانون بنا رہے ہیں، مستقبل میں انہیں خود بھی اس کے نتائج بھگتنا پڑ سکتے ہیں اور تمام سیاسی کارکن بھی اس سے متاثر ہوں گے۔ کم از کم قانون میں یہ دفعات تو شامل کی جانی چاہیے تھی کہ اس کا اطلاق صحافیوں اور سیاستدانوں پر نہیں ہوگا۔ اس موقع پر صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری نے کہا کہ ڈھیلے ہاتھ کی موجودہ حالات ایسے نہیں کہ شہریوں کے بنیادی قانونی حقوق محدود کرنے والا انتہائی سخت قانون متعارف کرایا جائے۔ تحریک انصاف لاہور مجید نظامی نے کہا کہ قانون اگر بنانا ہے تو مزدور، مزدور اور محنت کش طبقے کے مسائل کے حل کے لیے بنایا جائے، کروڑوں مزدور اور محنت کش اپنے بچوں کے لیے بنیادی خوراک، تعلیم، علاج اور سستی بجلی کے حصول کے لیے پریشان ہیں، ان مسائل پر قانون سازی اور موجودہ قوانین پر موثر عملدرآمد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر قانون موجود ہے تو اس پر عمل کیوں نہیں کروایا جاتا؟ سابق صدر لاہور بار ایسوسی ایشن مبشر رحمان نے ترمیمی بل پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خفیہ ٹرائل کی اجازت دینے والا قانون بنیادی انسانی حقوق اور آئینی تقاضوں کے منافی ہے، ایسا قانون نافذ ہوا تو کسی شخص کی گرفتاری، ٹرائل اور سزا کے بارے میں اس کے اہل خانہ سمیت کسی کو بھی معلومات حاصل نہیں ہو سکیں گی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں میڈیا پر قدغنوں کے باعث بار ایسوسی ایشنز اور پریس کلبوں میں عوامی مفاد اور بنیادی انسانی حقوق سے متعلق مسائل پر بات ہونا غنیمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پولیس اور انسداد دہشت گردی کے نظام پر بھی تحفظات اور سوالات اٹھ رہے ہیں۔ اس موقع پر راقم نے بھی مطالبہ کیا اور کہا کہ ترمیمی بل صرف شہری آزادیوں ہی نہیں بلکہ وکلاء برادری کے رزق پر بھی ضرب لگائے گا، جب ملزم، جج گواہ اور مقدمے کی تفصیلات ہی سامنے نہیں ہوں گی تو کوئی وکیل کس طرح مقدمہ لڑے گا۔ مجھے کچھ خدشات بھی ہیں، اس لیے میں نے ایسا کہا کیوں کہ پاکستان کی موجودہ صورتحال پر ہر غریب وطن شخص کو تشویش ہے۔ ماضی میں سیاسی کارکنوں، وکلاء اور صحافیوں نے جمہوریت اور آزادی کے لیے جو قیمتیں دیں، شاہی قلعہ کی صعوبتیں برداشت کیں اور قربانیاں دیں، مگر آج دوبارہ ایسے حالات پیدا ہوتے دکھائی دے رہے ہیں جہاں لوگوں میں خوف پایا جاتا ہے۔ یہ معاملہ صرف سیاست دانوں یا سیاسی کارکنوں کا نہیں بلکہ وکلاء کے مستقبل کا بھی ہے۔ بہرکیف سیمینار میں مقررین کا لب لباب یہی تھا کہ ایسے قوانین نہیں بننے چاہئیں جو پاکستان میں عام شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی پر بنائے جا رہے ہوں۔ اس لیے امید ہے کہ ہمارے فیصلہ کرنے والے اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ وہ ایسے قوانین سے اجتناب کریں گے جو بعد میں ان کے لیے بھی مسئلہ بن جائیں! لیکن اقتدار میں آنے کے بعد انہی قوانین کی حمایت کرتی نظر آتی ہیں۔ یہ رویہ قابل تشویش ہے۔ ارشد انصاری نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ جمہوری معاشرے میں ایسے قوانین کے خلاف بھرپور مزاحمت کی جائے جو شہری آزادیوں کو محدود کرتے ہیں۔ ارشد انصاری نے بیمبار کے انعقاد پر مشکلین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ عوامی اور جمہوری مسائل پر ایسے پروگراموں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ محمد تحسین نے ترمیمی بل پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کی تعریف کو خیر واضح رکھا گیا تو اس کا دائرہ کبھی بھی شہری یا سیاسی کارکن تک بڑھایا جا سکتا ہے، جس کے سنگین نتائج سامنے آ سکتے ہیں۔ سینئر قانون دان خالد رانجھا نے پنجاب اسمبلی سے منظور ہونے والے ترمیمی بل پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خفیہ ٹرائل کا قانون انصاف کے بنیادی اصولوں کو بائی پاس کرنے کے مترادف ہے، پنجاب میں موجودہ حالات ایسے نہیں کہ شہریوں کے بنیادی قانونی حقوق محدود کرنے والا انتہائی سخت قانون متعارف کرایا جائے۔ تحریک انصاف لاہور مجید نظامی نے کہا کہ قانون اگر بنانا ہے تو مزدور، مزدور اور محنت کش طبقے کے مسائل کے حل کے لیے بنایا جائے، کروڑوں مزدور اور محنت کش اپنے بچوں کے لیے بنیادی خوراک، تعلیم، علاج اور سستی بجلی کے حصول کے لیے پریشان ہیں، ان مسائل پر قانون سازی اور موجودہ قوانین پر موثر عملدرآمد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر قانون موجود ہے تو اس پر عمل کیوں نہیں کروایا جاتا؟ سابق صدر لاہور بار ایسوسی ایشن مبشر رحمان نے ترمیمی بل پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خفیہ ٹرائل کی اجازت دینے والا قانون بنیادی انسانی حقوق اور آئینی تقاضوں کے منافی ہے، ایسا قانون نافذ ہوا تو کسی شخص کی گرفتاری، ٹرائل اور سزا کے بارے میں اس کے اہل خانہ سمیت کسی کو بھی معلومات حاصل نہیں ہو سکیں گی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں میڈیا پر قدغنوں کے باعث بار ایسوسی ایشنز اور پریس کلبوں میں عوامی مفاد اور بنیادی انسانی حقوق سے متعلق مسائل پر بات ہونا غنیمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پولیس اور انسداد دہشت گردی کے نظام پر بھی تحفظات اور سوالات اٹھ رہے ہیں۔ اس موقع پر راقم نے بھی مطالبہ کیا اور کہا کہ ترمیمی بل صرف شہری آزادیوں ہی نہیں بلکہ وکلاء برادری کے رزق پر بھی ضرب لگائے گا، جب ملزم، جج گواہ اور مقدمے کی تفصیلات ہی سامنے نہیں ہوں گی تو کوئی وکیل کس طرح مقدمہ لڑے گا۔ مجھے کچھ خدشات بھی ہیں، اس لیے میں نے ایسا کہا کیوں کہ پاکستان کی موجودہ صورتحال پر ہر غریب وطن شخص کو تشویش ہے۔ ماضی میں سیاسی کارکنوں، وکلاء اور صحافیوں نے جمہوریت اور آزادی کے لیے جو قیمتیں دیں، شاہی قلعہ کی صعوبتیں برداشت کیں اور قربانیاں دیں، مگر آج دوبارہ ایسے حالات پیدا ہوتے دکھائی دے رہے ہیں جہاں لوگوں میں خوف پایا جاتا ہے۔ یہ معاملہ صرف سیاست دانوں یا سیاسی کارکنوں کا نہیں بلکہ وکلاء کے مستقبل کا بھی ہے۔ بہرکیف سیمینار میں مقررین کا لب لباب یہی تھا کہ ایسے قوانین نہیں بننے چاہئیں جو پاکستان میں عام شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی پر بنائے جا رہے ہوں۔ اس لیے امید ہے کہ ہمارے فیصلہ کرنے والے اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ وہ ایسے قوانین سے اجتناب کریں گے جو بعد میں ان کے لیے بھی مسئلہ بن جائیں! لیکن اقتدار میں آنے کے بعد انہی قوانین کی حمایت کرتی نظر آتی ہیں۔ یہ رویہ قابل تشویش ہے۔ ارشد انصاری نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ جمہوری معاشرے میں ایسے قوانین کے خلاف بھرپور مزاحمت کی جائے جو شہری آزادیوں کو محدود کرتے ہیں۔ ارشد انصاری نے بیمبار کے انعقاد پر مشکلین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ عوامی اور جمہوری مسائل پر ایسے پروگراموں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ محمد تحسین نے ترمیمی بل پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کی تعریف کو خیر واضح رکھا گیا تو اس کا دائرہ کبھی بھی شہری یا سیاسی کارکن تک بڑھایا جا سکتا ہے، جس کے سنگین نتائج سامنے آ سکتے ہیں۔ سینئر قانون دان خالد رانجھا نے پنجاب اسمبلی سے منظور ہونے والے ترمیمی بل پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خفیہ ٹرائل کا قانون انصاف کے بنیادی اصولوں کو بائی پاس کرنے کے مترادف ہے، پنجاب میں موجودہ حالات ایسے نہیں کہ شہریوں کے بنیادی قانونی حقوق محدود کرنے والا انتہائی سخت قانون متعارف کرایا جائے۔ تحریک انصاف لاہور مجید نظامی



سپورٹس



قومی ٹیم میں صحیح شعبے میں صحیح بندہ لانے کا کوئی سسٹم نہیں، یہ درست نہیں کہ جب کوئی نکلتا ہے تو کہتا ہے میری سنی نہیں گئی، مشتاق احمد

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق اسپن بولنگ کوچ مشتاق احمد نے کہا ہے کہ مجھ دکھ سے کہنا پڑتا ہے کہ اپنی مرضی کے بندے لے کر آتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں سابق کرکٹر مشتاق احمد نے کہا کہ قومی کرکٹ ٹیم کی اس وقت کارکردگی باعث شرمندگی ہے، ناصر حسین، مائیکل اتھرٹن جیسے لوگ جب کھیلتے تھے تو ہماری کارکردگی بولتی تھی، پچھلے دو ڈھائی سال سے جو کچھ ہو رہا ہے اس کا خمیازہ سب بھگتتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جتنی بھی باتیں کی جاتی ہیں ان کا جواب ہمارے کھلاڑیوں کو کارکردگی اور سسٹم کو دینا پڑتا ہے، کارکردگی پر کسی ایک کو بٹانے سے ڈریسنگ روم کا مورال گر جاتا ہے، کھلاڑیوں میں کارکردگی نہ دکھانے پر ایکشن کا خوف ہوگا تو کچھ نہیں کر پائیں گے۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ قومی ٹیم میں صحیح شعبے کے لیے صحیح بندہ لانے کا کوئی سسٹم نہیں، یہ درست نہیں کہ جب کوئی ٹیم سسٹم سے نکلتا ہے تو کہتا ہے میری سنی نہیں گئی، کرکٹ میں کھلاڑی کے لیے نیت کا ٹھیک ہونا اور کام آنا ضروری ہے۔ تجزیہ کار نعمان نیاز نے کہا کہ جماعت، عامر جمال کو نکالا پھر واپس ڈھال دیا، علی خان کو بھی ڈراپ کیا گیا۔۔

تھائی لینڈ کے خلاف ایونٹ کا پہلا میچ، جیتنے کی کوشش کریں گے، سعدیہ اقبال

کیمپ میں لڑکوں کے ساتھ کھیلنے کا موقع ملا، میچز میں جن شعبوں میں کمی ہو، انہیں بہتر کرنے کا موقع ملتا ہے، گفتگو

دبئی (این این آئی) قومی ویمن کرکٹر سعدیہ اقبال نے کہا ہے کہ ویمنز ایشیا کپ کے لیے تیاری بہت اچھی ہے، دبئی آنے کے بعد تین ٹریننگ سیشنز کیے ہیں اور کنڈیشنز سے ہم آہنگ ہو گئے ہیں۔ ایک انٹرویو میں سعدیہ اقبال نے کہا کہ جہاں ہمیں کمی محسوس ہو رہی تھی، ان چیزوں پر بھرپور کام ہو رہا ہے، ہر کوئی کھیل سے لطف اندوز ہو رہا ہے اور اچھی کارکردگی کیلئے پرامید ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تھائی لینڈ کے خلاف ایونٹ کا پہلا میچ ہے، مثبت رہیں گے، بہترین کھیل پیش کرکے جیتنے کی کوشش کریں گے۔ سعدیہ اقبال نے کہا کہ لڑکوں کے ساتھ کھیل کر اعتماد آتا ہے، کیمپ میں لڑکوں کے ساتھ کھیلنے کا موقع ملا، میچز میں جن شعبوں میں کمی ہو، انہیں بہتر کرنے کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دبئی کی پچز سپنرز کیلئے مددگار ثابت ہوتی ہیں، اسی طرح پلان اور تیاری بھی کی ہے، ہمارا اسپن کا شعبہ اچھا ہے اور اچھا رزلٹ سامنے آئے گا۔ سعدیہ اقبال نے کہا کہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ بہت تبدیل ہو گئی ہے، اٹیکنگ کھیلنا پڑتا ہے، اسی طرح ہم کھیلنے کی کوشش کر رہی ہیں۔

اسپائنک چوٹی سر کرنے والی خاتون کوہ پیما اسما مشتاق کی لاش مل گئی

گلگت (این این آئی) اسپائنک چوٹی سر کرنے والی خاتون کوہ پیما ڈاکٹر اسما مشتاق کی لاش مل گئی۔ ڈاکٹر اسما مشتاق 21 اگست کو کیمپ تھری پر بیماری سے انتقال کر گئی تھیں اور ان کی لاش برف میں دبنے کے باعث نہیں مل رہی تھی۔ ڈپٹی کمشنر شگر شبیر افضل کے مطابق سرچ آپریشن کے دوران مقامی کوہ پیما لاش لے کر بیس کیمپ روانہ ہو گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ٹیم کے ارکان لاش کے ہمراہ کیمپ تھری پہنچ گئے ہیں۔ اسپائنک چوٹی سر کرنے والی خاتون کوہ پیما ڈاکٹر اسما مشتاق کی لاش مل گئی۔ ڈاکٹر اسما مشتاق 21 اگست کو کیمپ تھری پر بیماری سے انتقال کر گئی تھیں۔

پاکستان انڈر 19 ٹیم کا انگلینڈ میں بھرپور ٹریننگ سیشن

ہیڈ کوچ شاہد انور نے ٹریننگ سیشن سے قبل کھلاڑیوں سے گفتگو کی، بیٹرز کو انگلش کنڈیشنز سے ہم آہنگ ہونے کی ہدایات دیں

لندن (این این آئی) پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم نے انگلینڈ کے اروندل کاسل کرکٹ گراؤنڈ میں سیریز کی تیاریوں کے سلسلے میں پہلا ٹریننگ سیشن کیا، قومی ٹیم نے دوپہر میں بھرپور پریکٹس کی۔ ہیڈ کوچ شاہد انور نے ٹریننگ سیشن سے قبل کھلاڑیوں سے گفتگو کی اور بیٹرز کو انگلش کنڈیشنز سے ہم آہنگ ہونے کی ہدایات دیں، کوچنگ سٹاف نے میچ سیشن میں کھلاڑیوں کے ساتھ کام کیا، جبکہ کھلاڑیوں نے بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ سیشنز میں حصہ لیا۔ پاکستان انڈر 19 ٹیم انگلینڈ انڈر 19 ٹیم کے خلاف ایک یوتھ ٹیسٹ اور چار یوتھ ون ڈے میچز کی سیریز کھیلے گی، سیریز 2 سے 16 ستمبر تک جاری رہے گی۔ پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم نے انگلینڈ کے اروندل کاسل کرکٹ گراؤنڈ میں سیریز کی تیاریوں کے سلسلے میں پہلا ٹریننگ سیشن کیا، جبکہ کھلاڑیوں نے بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ سیشنز میں حصہ لیا۔ پاکستان انڈر 19 ٹیم انگلینڈ انڈر 19 ٹیم کے خلاف ایک یوتھ ٹیسٹ اور چار یوتھ

بقیہ 1

ورثاء تم منصوبہ بندی کے بعد اس اسکیم کا اعلان کیا۔ جبکہ اس اسکیم میں آئی ٹی کے شعبے کو بھی ساتھ رکھا گیا۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پورے ملک میں کامیابی سے اسکیم کا چلنا وزیر اعظم کی نیک نیتی ہے جبکہ عوام اور میڈیا کی جانب سے اچھا فیڈ بیک ملا۔ بعد ازاں وزیر اعظم نے عوامی مطالبے پر موٹر سائیکل، رکشے کی مدت بھی بڑھا دی اور ایس ایم ایس چارجز کو ختم کرکے اسے مفت کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ موٹر سائیکل کے لیے پانچ لیٹر کا ٹوکن تھا لیکن اب وہ شرط بھی ختم کر دی گئی ہے۔ وزیر اعظم نے ہفتے میں پانچ سو روپے کی رعایت کا اعلان کیا ہے اور اب جو بھی 600 روپے کا پٹرول ڈلوائے گا اسے صرف سو روپے ادا کرنے پڑیں گے۔ وفاقی وزیر نے اسکیم سے متعلق مزید کہا کہ پورے پاکستان بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کو یہ رعایت ملے گی۔ جبکہ تمام پٹرول پمپس سے یہ رعایت حاصل کی جاسکتی ہے۔ ابھی تک 22 لاکھ افراد اس اسکیم میں رجسٹرڈ ہو چکے ہیں۔ جس میں 92 فیصد موٹر سائیکل، رکشہ اور چنگچی کے مالکان شامل ہیں۔ پوری دنیا میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ خطے میں کشیدگی کی وجہ سے تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، وزیر اعظم نے غریب طبقے کا احساس کرتے ہوئے تمام متعلقہ محکموں کو بروقت ہدایات جاری کیں، وزیر اعظم نے خصوصی ریلیف اسکیم کی ہر مرحلے پر خود نگرانی کی۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ رجسٹریشن کا عمل وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تعاون سے کامیابی سے عمل کیا گیا، وزیر اعظم کو عوام کی فلاح و بہبود کا خصوصی خیال ہے۔ وزیر اعظم نے 15 سال کے بجائے 20 سال پرانی موٹر سائیکل، رکشا اور گاڑیوں کو بھی اسکیم کا حصہ بنایا، یکم جنوری 2006ء کے بعد رجسٹرڈ تمام موٹر سائیکل، رکشا، چنگ چی بھی اسکیم میں رجسٹریشن کے لیے اہل ہو گئے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ اسکیم میں اندراج کے لیے ایس ایم ایس بھی مفت کر دیا گیا ہے، ایک ٹوکن پر پانچ لیٹر پٹرول کی حد کو ختم کر دیا گیا ہے، تمام صوبائی حکومتوں بشمول آزاد کشمیر و گلگت بلتستان کی حکومتوں نے اسکیم پر عمل درآمد کے لیے بھرپور کردار ادا کیا، موٹر سائیکل، چنگ چی یا رکشا استعمال کرنے والوں کو مہینے میں چار ٹوکن ملیں گے، 800 سی سی تک کی گاڑیوں کو ہر دس دن بعد 10 لیٹر پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر رعایت دی جائے گی۔ عطا تارڑ نے کہا کہ یہ سہولت تمام پٹرول پمپوں پر دستیاب ہیں، او جی آر اے کے ذریعے پٹرول اسٹیشنوں کو باقاعدہ ہدایات جاری کی جاتی ہیں، اسکیم کا پورے پاکستان میں کامیاب اجرا ہوا ہے، اس وقت تک اسکیم کے تحت 22 لاکھ سے زائد افراد رجسٹرڈ ہو چکے ہیں، 92 فیصد موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشا استعمال کرنے والے ہیں، موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشا کے لیے مالک ہونے کی شرط بھی ختم کر دی گئی ہے، صرف گزشتہ روز 5 لاکھ 57 ہزار سے زائد رجسٹریشن ہو گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک 19 لاکھ ٹوکن جاری کیے جا چکے ہیں، ایک لاکھ 52 ہزار 800 سی سی گاڑیوں کو ٹوکن جاری کیے گئے ہیں، صرف گزشتہ روز 5 لاکھ 45 ہزار سے زائد ٹوکن جاری کیے گئے، وزیر اعظم کو اسکیم کے حوالے سے لمحہ بہ لمحہ آگاہ کیا جا رہا ہے، عوام کی آرا کی روشنی میں اس اسکیم میں مزید بہتری لائی جائے گی، یہ اسکیم سب سے زیادہ مستحق افراد کے لیے لائی گئی ہے۔ وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے شکایات بھی آرہی ہیں، جو شکایات آرہی ہیں انہیں حل کیا جا رہا ہے، عوام کے لئے آگاہی مہم بھی چلائی جا رہی ہے، عوام کو فیول ریلیف اسکیم میں رجسٹریشن کے لیے باقاعدہ ٹیوٹوریل کے ذریعے آگاہ کیا جا رہا ہے، اپیلی مکینیکل کمیٹی کی میٹنگ میں آج تمام صوبوں کے نمائندے موجود تھے، فیول ریلیف اسکیم کے تحت ریلیف دینا اچھا کیا جارہا ہے۔ ہماری ذمہ داری ہے کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا۔ سیاسی معاملات پر انہوں نے کہا کہ سڑکوں کی بندش، عوام کی آمدورفت میں خلل کے حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، انتظامیہ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ اس میں کسی قسم کا خلل نہ آئے، ہماری ذمہ داری ہے، کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا۔

بقیہ 2

آمد کر لیں، جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی قبضے میں لے لیا گیا۔ دہشت گردوں نے اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کیلئے چیک پوسٹ قائم کر رکھی تھی: بلوچستان کے علاقے قلات میں دہشت گردوں کیخلاف کامیاب کارروائی پر صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر مملکت نے اپنے بیان میں موثر کارروائی کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی کارکردگی کو سراہا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے قلات کے قریب پاکستان ہائی وے (کوئٹہ-کراچی، N-25) پر دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کیا اور دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی جانب سے قومی شاہراہ پر عوام کی پرامن نقل و حرکت کو متاثر کرنے، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کی مذموم کوشش کو سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی سے ناکام بنایا۔ وزیر اعظم نے دہشت گردوں کے قبضے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیوں سمیت بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر بھی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ آپریشن "عزم استحکام" کے تحت دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری رہیں گی اور غیر ملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی قلات میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے جرات و بہادری سے کارروائی کرتے ہوئے 23 شہریوں کو بحفاظت بازیاب کرایا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

بقیہ 3

یوں کا فرض ہے، ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت پائیدار اور ماحول دوست اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ صاف ستھرا ماحول بیماریوں سے بچاؤ اور بہتر معیار زندگی کی ضمانت ہے، پنجاب کو صاف، سرسبز اور اہل پنجاب کو صحت مند بنانا اولین ترجیح ہے، کرہ ارض کو صاف ستھرا رکھنا ہمارے ماحول کی حفاظت اور بقا کے لیے ناگزیر ہے، اپنے اردگرد کا ماحول صاف رکھنا ہماری اجتماعی معاشرتی ذمہ داری ہے، کچرے کی ری سائیکلنگ، ویسٹ مینجمنٹ اور پبلک مقامات کی صفائی کا اہتمام کیا جا رہا ہے، صاف پاکستان ہی صحت مند اور ترقی یافتہ پاکستان ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ کوڑا کرکٹ ٹھکانے لگانے کے مناسب طریقے اپنائیں، پلاسٹک کا استعمال نہ کریں اور اپنے گھروں، گلیوں اور محلوں کو صاف رکھنے میں بھرپور کردار ادا کریں۔

بقیہ 4

ل کا اثر پڑ رہا ہے، سپلائی چین میں خلل، افراط زر اور انشورنس اخراجات میں اضافہ عالمی تجارت کو متاثر کر رہا ہے، اخراجات میں کمی لائی جا رہی ہے۔ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ترسیلات زر میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکے ہیں، ہمارا کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہے، پرامید ہیں معاشی ترقی کے سفر میں مزید تیزی آئے گی۔ وفاقی وزیر خزانہ نے مزید کہا کہ دشمن قوتیں ملک میں ہونے والی دہشت گردی کے پیچھے ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ زرمبادلہ کے ذخائر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے ہیں، مالیاتی خسارے میں نمایاں کمی واقع ہوئی، موجودہ حالات میں مارچ، ہڑتالوں اور دھرنوں کی باتیں سمجھ سے بالاتر ہیں، مسائل کو مل بیٹھ کر حل کرنا چاہئے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ پلاننگ کمیشن کے اکنامک ونگ کے ساتھ مل کر ماضی کے تجربات اور موجودہ معاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے معاشی سرگرمیوں میں تعطل کے اثرات کا تخمینہ لگایا گیا ہے، جس کے مطابق مختلف شعبوں میں مجموعی طور پر تقریباً 120 ارب روپے یومیہ نقصان کا خدشہ ہے۔ مارچ، ہڑتالوں اور دھرنوں سے معاشی ترقی کا سفر متاثر ہو سکتا ہے، انہوں نے بتایا کہ سب سے زیادہ نقصان خدمات کے شعبے میں ہوگا، جس میں مالیاتی خدمات، مواصلات، ٹرانسپورٹ، ریٹیل و ہول سیل اور ہوٹلنگ سمیت دیگر شعبے شامل ہیں۔ اس شعبے میں یومیہ تقریباً 86 ارب روپے نقصان کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی شعبے میں معاشی سرگرمیاں متاثر ہونے سے تقریباً 25 ارب روپے روزانہ نقصان ہو سکتا ہے، جس میں تعمیرات، تیار مصنوعات، خام مال اور سپلائی چین سے متعلق سرگرمیاں شامل ہیں، جبکہ زرعی شعبے میں ٹرانسپورٹیشن، جلد خراب ہونے والی اشیاء، زرعی سپلائی چین اور زرعی پیداوار سے متعلق سرگرمیوں کو ملا کر تقریباً 9 ارب روپے یومیہ نقصان ہو سکتا ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ایف بی آر کے ٹیکس ریونیو میں گزشتہ 2 سال کے دوران تقریباً 40 فیصد اضافہ ہوا ہے، ٹیکس بیس کو مزید وسیع کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے تاہم معاشی سرگرمیاں رکنے کی صورت میں تقریباً 17 ارب روپے کے ریونیو نقصان کا خدشہ ہے۔ وزیر خزانہ نے خبردار کیا کہ لانگ مارچ، دھرنوں اور سڑکوں کی بندش کے نتیجے میں انٹرنیٹ اور رابطوں سمیت کاروباری سرگرمیوں میں تعطل پیدا ہونے کی صورت میں آئی ٹی برآمدات بھی بری طرح متاثر ہو سکتی ہیں، معاشی تعطل کا بوجھ عام آدمی پر پڑتا ہے، خصوصاً دیہاڑی دار مزدور، یومیہ اجرت پر کام کرنے والے افراد، چھوٹے دکاندار اور چھوٹے کاروبار اس سے براہ راست متاثر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی اصل توجہ اب معاشی استحکام سے مجموعی قومی پیداوار کی پائیدار ترقی کی طرف بڑھنے پر ہے، رواں مالی سال برآمدات کا ہدف 32.9 ارب ڈالر مقرر کیا گیا ہے، جس میں تقریباً 6 فیصد اضافے کی توقع ہے، پائیدار معاشی استحکام کا حصول ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، ہمارا سفر معاشی استحکام سے معاشی ترقی کی طرف جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترسیلات زر میں اضافہ ہو رہا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے ہیں، مالیاتی خسارے میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہے، افراط زر میں کمی لائی جا رہی ہے، برآمدات کے شعبے میں بھی درست سمت میں گامزن ہیں، پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد بڑھی ہے، امید ہے معاشی ترقی کے سفر میں مزید تیزی آئے گی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ملک میں ہونے والی دہشتگردی کے پیچھے دشمن قوتیں ہیں، دہشتگردی کی جنگ میں سیکیورٹی فورسز قربانیاں دے رہی ہیں، افواج پاکستان دہشتگردوں کا بھرپور مقابلہ کر رہی ہیں۔ محمد اورنگزیب کا مزید کہنا تھا کہ بدقسمتی سے مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے باعث تیل کی قیمتیں بڑھی ہیں، اس سے پوری دنیا متاثر ہو رہی ہے۔ وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل فریقین میں مذاکرات کیلئے کوششیں کر رہے ہیں۔

بقیہ 5

کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اتوار کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کیا اور دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو لائق تحسین ہے۔ دہشت گردوں کی جانب سے قومی شاہراہ پر عوام کی پرامن نقل و حرکت کو متاثر کرنے، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کی مذموم کوشش کو سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی سے ناکام بنایا۔ وزیر اعظم نے دہشت گردوں کے قبضے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیوں سمیت بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر بھی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں جاری رہیں گی اور غیر ملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا

بقیہ 6

کہا کہ اس وقت حکومت ایک نظام کے تحت بجلی خرید کر عوام تک پہنچاتی ہے، بجلی کی خریداری کی شرائط سے متعلق عوام کے ہمیشہ سوالات رہے ہیں، آئی پی پیز کا نام آج بدنام ہو چکا ہے۔ وزیر توانائی نے کہا کہ حکومت بجلی کی خریداری سے مکمل طور پر باہر ہو رہی ہے، کسی کو پتہ نہیں ہوگا کہ حکومت کو بجلی بیچ سکے اور نہ حکومت خرید سکے گی، ملک میں بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید و فروخت کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ بجلی کی خرید و فروخت کا نظام مسابقت پر مبنی ہوگا، اس نظام کا اطلاق سب سے پہلے صنعتی یا بڑے صارفین پر ہوگا، آنے والے سالوں میں بجلی کی ایک منڈی بنے گی، اس نظام کے تحت ایک عام صارف بھی اپنی مرضی سے بجلی خرید سکے گا، اب حکومت بجلی خرید کر زبردستی اپنے ریٹس پر عوام کو نہیں بیچ سکے گی۔ اویس لغاری کا کہنا تھا کہ پہلے مرحلے میں ایک میگاواٹ سے بڑے صارفین اس سے مستفید ہوں گے، سستی بجلی ملنے سے انڈسٹری عالمی منڈی میں مسابقت برقرار رکھ پائے گی، ہماری صنعتیں عالمی منڈیوں میں اپنی مصنوعات برآمد کرسکیں گی۔

بقیہ 7

لے گا، نیلامی کا عمل پانچ واضح مراحل پر مشتمل ہوگا جن میں نیلامی سے متعلق دستاویزات کا اجرا، اہلیت کی جانچ، بولیوں کا جائزہ، نیلامی کے نتائج کی منظوری اور گنجائش کی الاٹمنٹ شامل ہیں۔ سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ تین دہائیوں سے پاکستان کے مرکزی خریداری کے نظام کو مسابقتی بجلی منڈی میں تبدیل کرنے کا مقصد زیر غور رہا ہے تاہم موجودہ حکومت نے اس مقصد کو محض پالیسی عزم تک محدود رکھنے کی بجائے اب اسے عملی شکل دینے کا عمل شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہیلنگ نیلامی اس سمت میں پہلا عملی قدم ہے جس کے تحت بجلی پیدا کرنے والے اور بڑے صارفین شفاف طریقہ کار کے ذریعے براہ راست بجلی کی خرید و فروخت کر سکیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ابتدائی مرحلے میں ایک میگاواٹ سے زیادہ بجلی استعمال کرنے والے بڑے صارفین اس نظام سے فائدہ اٹھائیں گے۔ آنے والے برسوں میں اس کے فوائد عام صارفین تک بھی پہنچیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صنعت کو مسابقتی بنیاد پر نسبتاً سستی بجلی دستیاب ہونے سے پیداواری لاگت کم کرنے، عالمی منڈی میں مسابقت بڑھانے اور برآمدات میں اضافے کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آر ایف پی اور وہیلنگ نیلامی کے شفاف اور قابل اعتماد عمل کی تکمیل کی جانب اہم قدم ہے، اہلیت کی جانچ سے لے کر گنجائش کی الاٹمنٹ تک ہر مرحلہ واضح طور پر متعین کیا گیا ہے اور پورا عمل ایک مخصوص نیلامی پلیٹ فارم کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔ وفاقی وزیر کے احکامات کی روشنی میں آئی ایس ایم او کی جانب سے تمام اہل شرکا کو اس عمل میں بھرپور شرکت کی دعوت دی گئی ہے جبکہ رہنمائی کے مواد اور دیگر معاون وسائل کے ذریعے ہر مرحلے پر ان کی معاونت کی جائے گی۔ آئی ایس ایم او شرکا کی سہولت کے لیے وضاحتی ویڈیوز کی ایک سیریز بھی جاری کرے گا تاکہ وہ نیلامی کے طریقہ کار، تجاویز جمع کرانے کے تقاضوں اور نیلامی پلیٹ فارم کے استعمال کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔ آر ایف پی میں اہلیت کے معیار، تجاویز جمع کرانے کے تقاضوں، مقررہ فارمیٹس، نیلامی کے طریقہ کار اور مکمل ٹائم لائن کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے اہل شرکا سے کہا گیا ہے کہ وہ آر ایف پی کا بغور جائزہ لیں اور مقررہ مدت کے اندر مکمل تجاویز جمع کرائیں۔ آر ایف پی اور اس سے متعلق تمام دستاویزات آئی ایس ایم او کی ویب سائٹ www.ismo.gov.pk پر دستیاب ہیں۔ مزید معلومات یا وضاحت کے لیے auction@ismo.gov.pk پر رابطہ کیا جاسکتا ہے

بقیہ 8

کے مطابق آبپارہ کے پلازہ میں متعدد کنسلٹنسی اور کوریئرز دفاتر پر چھاپے کے دوران جعلی اپوسٹل اسٹیکرز اور سرکاری مہریں برآمد ہوئی ہیں۔ ایف آئی اے نے بتایا کہ کارروائی کرتے ہوئے 22 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، مقدمہ میں 16 نجی افراد اور وزارت خارجہ کے 6 افسران کیخلاف درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق عدالت نے گرفتار ملزمان کا 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا ہے۔

بقیہ 9

کے معاملے پر او آئی سی رابطہ گروپ کے اجلاس میں شرکت کریں گے جس میں وہ کشمیریوں کے حقوق کیلئے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کریں گے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے مزید کہا گیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر ہونے والے او آئی سی کے متعدد وزارتی اجلاسوں میں بھی شرکت کریں گے جن میں او آئی سی وزرائے خارجہ کا سالانہ رابطہ اجلاس اور او آئی سی رابطہ گروپ کے دیگر اجلاس شامل ہیں۔ تفصیلی بیان میں بتایا گیا کہ فلسطینی کاز کے لیے پاکستان کی مضبوط حمایت کے اظہار کے طور پر نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ فلسطین کے معاملے پر ہونے والے کئی اعلیٰ سطحی اجلاسوں میں شرکت کریں گے۔ ان اجلاسوں میں آٹھ عرب اور اسلامی ممالک کے گروپ کا اجلاس اور دو ریاستی حل کے نفاذ کے لیے عالمی اتحاد کا اعلیٰ سطحی وزارتی اجلاس بھی شامل ہیں۔ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ مصنوعی ذہانت کے معاملے پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی اعلیٰ سطحی بریفنگ میں بھی خطاب کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ وبائی امراض سے بچاؤ، تیاری اور ردعمل سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس میں بھی شرکت کریں گے۔ وہ اقتصادی تعاون تنظیم کی وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس کی صدارت بھی کریں گے۔ بیان کے مطابق نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کئی ممالک کے ہم منصب وزرائے خارجہ سے دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے جبکہ وزیر اعظم کے ہمراہ اعلیٰ سطحی دوطرفہ ملاقاتوں اور دیگر سرگرمیوں میں بھی شریک ہوں گے۔ وزارت خارجہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ ان وسیع سفارتی سرگرمیوں کے دوران وہ علاقائی اور عالمی امن و استحکام کے لیے پاکستان کی جاری کوششوں کو اجاگر کریں گے اور اہم علاقائی و بین الاقوامی چیلنجز پر تبادلہ خیال کریں گے

بقیہ 10

بھی پمز اسپتال کے ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم اڈیالہ جیل میں عمران خان کا طبی معائنہ کرے گی۔

بقیہ 11

پی ٹی آئی کی طرح یہ ہسپتال بھی دنیا میں پاکستان کی پہچان بنے گا۔ سیاسی معاملات پر بات کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مریم نواز کا کسی صوبائی حکومت سے کوئی مقابلہ یا موازنہ نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جو لوگ کارکردگی میں مریم نواز سے مقابلہ نہیں کرسکتے، وہ ذاتی حملے کرکے عوام کو گمراہ کر رہے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ کچھ لوگوں کی سیاست ہی مریم نواز کی مرہون منت ہے، جبکہ مریم نواز پنجاب کو جدید ترین اور ترقی یافتہ صوبہ بنا رہی ہیں۔ انہوں نے خیبر پختونخوا کی سیاسی صورتحال پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایک صوبے کا وزیر اعلیٰ دربدر ٹھوکریں کھانے کے بعد وفاق پر چڑھائی کی کوشش کر رہا ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے الزام عائد کیا کہ 9 مئی اور 26 نومبر کی ناکام جلاؤ گھیراؤ بانی پی ٹی آئی کے گلے کا پھندا بن چکی ہیں اور 27 ستمبر کو تیسری بغاوت کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے خیبرپختونخوا کے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو بانی پی ٹی آئی کی سیاہ بغاوتوں سے دور رکھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کے اپنے بچے لندن میں پرتعیش زندگی گزار رہے ہیں جبکہ وہ خیبرپختونخوا کے بچوں کو اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 12

جنگ کی صورت میں سب سے زیادہ نقصان عام شہریوں، معیشت اور بنیادی ڈھانچے کو پہنچتا ہے، اس لیے خطے میں پائیدار امن کیلئے ذمہ دارانہ رویہ اور سفارتی کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے مشکل علاقائی حالات میں دفاع کے ساتھ امن کیلئے سفارتی کردار بھی ادا کیا ہے، جو ملک کیلئے حوصلہ افزا امر ہے۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پاکستان کو عالمی سطح پر اپنے کردار کے مطابق اندرون ملک بھی معاشی اور سماجی حالات بہتر بنانا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام، مہنگائی میں کمی، سماجی نظم کی بہتری اور ترقی کی رفتار تیز کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، جبکہ ملک کی سمت کو بار بار تبدیل ہونے سے بچا کر مسلسل اور پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن رکھنا ہوگا۔ چیئرمین پنجاب اسمبلی نے گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب صدر اور عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کاروباری برادری مشکل معاشی حالات میں بھی سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا کر رہی ہے۔ انہوں نے چیمبر کے انتخابات میں باہمی احترام، تنظیم اور اتفاق رائے کو سراہتے ہوئے اسے کاروباری برادری کی سیاسی پختگی اور مثبت روایات کا مظہر قرار دیا

بقیہ 13

کہا کہ حکومت اپنی بدانتظامی کا بدلہ عوام سے لے رہی ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ لیوی کا بھتہ ختم ہونا چاہیے۔ حکومت نے عالمی مارکیٹ کا بہانہ بنا کر قیمتوں میں بہت زیادہ اضافہ کیا ہوا ہے۔ حکومت کو اشرافیہ کو لگام دینا، گاڑیاں چھوٹی کرنا اور بجلی پیدا کرنے والی نجی کمپنیوں کے معاہدوں میں اصلاحات کرنا ہوں گی، لیکن ان سب کا بوجھ عوام پر ڈالا جا رہا ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بجلی پیدا کرنے والی نجی کمپنیوں میں حکومت اور اس کے نمائندے موجود ہوتے ہیں، تیل کی مارکیٹنگ کمپنیاں، ریفائنریز، آٹا اور چینی کے کاروبار میں بھی حکومت کے لوگ ملیں گے۔ اگر ہم گھر بیٹھ کر برداشت کریں گے تو یہ مزید لوٹتے رہیں گے، اسی لیے جماعت اسلامی نے میدان میں نکلنے کا راستہ چنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے کراچی میں 35 روز دھرنا دیا ہے، تھر، لاڑکانہ اور حیدرآباد میں دھرنے جاری ہیں، جبکہ پنجاب کے مختلف علاقوں میں مارچ اور دھرنے ہو رہے ہیں۔ ہمیں شوق نہیں کہ شدید گرمی میں احتجاج کریں، حکومت کے پاس صرف ایک ہی راستہ ہے کہ لیوی کا بھتہ ختم کرے۔ حافظ نعیم الرحمن نے خبردار کیا کہ اگر لیوی ختم نہ کی گئی تو احتجاج بھی بڑھے گا اور ایسا ہو کہ احتجاج حکومت گراؤ تحریک میں بدل جائے۔ حکومت نوشتہ دیوار پڑھ لے، کسی کی انا کا مسئلہ نہیں، حکومت اپنا کریڈٹ لے اور بھتہ ٹیکس ختم کرے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر امیر جماعت اسلامی سندھ کاشف سعید شیخ کارواں کا استقبال کریں گے۔ خواتین اور نوجوان بڑی تعداد میں کارکنوں کو رخصت کرنے کے لیے اسٹیشن پر موجود ہیں۔ جب ہم اسلام آباد پہنچ جائیں گے تو اپنی بہنوں کو بھی بلائیں گے۔ امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا کہ آج حافظ نعیم الرحمن کی زیر قیادت میرین مارچ کا آغاز ہو رہا ہے، یہ مارچ ظالم حکمرانوں کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔ وزیر اعظم کی صورتحال یہ ہے کہ ان کے بیرون ملک دورے ختم ہونے کا نام نہیں لے رہے جبکہ قوم مہنگائی کے ہاتھوں پس رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیوی بھتہ ٹیکس ہے جس کا پٹرول کی قیمتوں سے کوئی تعلق نہیں، 390 روپے کے پٹرول میں 106 روپے لیوی کے نام پر وصول کیے جا رہے ہیں۔ 35 روز کے دھرنے کے بعد کراچی کا کارواں اسلام آباد روانہ ہو رہا ہے، کراچی سے حیدرآباد اور روہڑی تک کارواں پہنچے گا اور سکھر میں عظیم الشان تاریخی جلسہ ہوگا۔ منعم ظفر خان نے کہا کہ عوام کا سمندر اسلام آباد کی جانب بڑھے گا، حکمرانوں کو عوامی مطالبات تسلیم کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کینٹ اسٹیشن کراچی میں موجود ہیں اور آج یہاں سے میرین مارچ شروع ہو رہا ہے۔ یہ مارچ بھتہ ٹیکس کے خلاف کیا جارہا ہے، پٹرول کی قیمتوں میں لیوی بھتہ ٹیکس ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران چین کی بانسری بجا رہے ہیں اور ریلیف کے نام پر عوام کو دھوکہ دیا جا رہا ہے۔ ریلیف دینے کے نام پر کروڑوں روپے کے اشتہارات دیے جا رہے ہیں، حکومت کو اب شاہ خرچیاں ختم کرنا ہوں گی۔ حکمرانوں کو مفت بجلی اور مفت پٹرول مل رہا ہے، یہ بھی اب ختم ہونا چاہیے۔ منعم ظفر خان نے کہا کہ ہمارا واضح اور دوٹوک مطالبہ ہے کہ بھتہ ٹیکس ختم کیا جائے۔ ہمارا کارواں حیدرآباد، روہڑی اور سکھر پہنچے گا، جہاں سکھر میں عظیم الشان تاریخی جلسہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کی شکل میں سیاست کا بیڑا غرق کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی تمام رکاوٹیں دور کر کے ہر صورت اسلام آباد پہنچے گی۔ اگر حکمران گرفتاریاں کرنا چاہتے ہیں تو یہ شوق بھی پورا کر کے دیکھ لیں، 3 ستمبر کی پرامن ہڑتال میں بھی گرفتاریاں کی گئی تھیں۔ جماعت اسلامی کی جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 14

بم حملوں کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں اور شہریوں کو جانی نقصان اٹھانا پڑا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ نفری نے دہشت گردوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، جبکہ پاک فوج، پولیس اور سی ٹی ڈی کے افسران بھی آپریشن کی قیادت کیلئے موقع پر پہنچے۔ ایف آئی آر کے مطابق دہشت گردوں کے خودکش حملے، فائرنگ اور دستی بم حملوں کے نتیجے میں 21 افراد شہید جبکہ بڑی تعداد میں افراد زخمی ہوئے۔ حملے میں سرکاری اور نجی املاک کو بھی نقصان پہنچایا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں اور حملے میں ملوث نامعلوم دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے کارروائی کی جارہی ہے

بقیہ 15

نے کسی دوسرے شہری کی موٹر سائیکل کی نمبر پلیٹس لگا رکھی تھیں، جعلی نمبر پلیٹس لگانے پر تمام چالان اصل مالک کو جا رہے تھے جن کی مالیت 01 لاکھ 44 ہزار ہوگئی۔ جعلی نمبر پلیٹ لگا کر قانون کی آنکھ میں دھول جھونکنے کی کوشش پر ملزم اور موٹر سائیکل کو تھانے میں بند کر دیا گیا۔ سی ٹی او عبدالرحیم شیرازی نے کہا کہ گاڑی اور موٹر سائیکل کی شناخت چھپانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں

بقیہ 16

2026 کے لیے مجموعی طور پر ایک لاکھ 38 ہزار 158 امیدوار رجسٹرڈ ہوئے، پنجاب کے میڈیکل کالجز کے لیے 49 ہزار 199، خیبر پختونخوا میں 38 ہزار 841 اور سندھ میں 34 ہزار 233 امیدوار ٹیسٹ میں شریک ہوئے۔ بلوچستان میں 9 ہزار 923، آزاد کشمیر میں 2 ہزار 761 اور گلگت بلتستان میں ایک ہزار 721 امیدوار رجسٹرڈ ہوئے، اسلام آباد میں ایک ہزار 245 جبکہ سعودی عرب کے شہر ریاض میں 237 امیدوار امتحان دینے کے اہل قرار پائے تھے۔ پی ایم ڈی سی کے مطابق ایم ڈی کیٹ کے لیے 8 ہزار سوالات پر مشتمل سوالیہ بینک تیار کیا گیا، ہر صوبے کے لیے علیحدہ پرچہ جبکہ کم از کم دو اضافی پرچے بھی تیار کیے گئے۔ ہر پرچے میں امیدواروں کے لیے 180 سوالات شامل کیے گئے۔ پی ایم ڈی سی کے مطابق ایم ڈی کیٹ کا انعقاد صوبائی حکام اور نامزد جامعات کی ذمہ داری ہے، جبکہ امتحان کے بعد متعلقہ جامعات سوالیہ پرچے اپنے پاس رکھ سکتی ہیں۔ امتحانی انتظامیہ کے مطابق امیدواروں کو امتحان مکمل ہونے سے قبل امتحانی مرکز چھوڑنے کی اجازت نہیں تھی اور تمام امیدواروں کو ٹیسٹ کے اختتام تک اپنی نشستوں پر موجود رہنا تھا۔ امتحان ختم ہونے کے بعد امیدوار سوالیہ پرچہ اپنے ساتھ نہیں لے جاسکتے تھے۔ انہیں مرکز سے روانہ ہونے سے قبل سوالیہ پرچہ نگران عملے کے حوالے کرنا تھا، جبکہ سوالیہ پرچہ واپس نہ کرنے کی صورت میں امیدوار کا پرچہ منسوخ تصور ہوگا۔ امتحانی مراکز میں موبائل فون سمیت کسی بھی ڈیجیٹل ڈیوائس کو ساتھ لانے پر پابندی لگائی گئی۔ ایم ڈی کیٹ 2026 کے حوالے سے ایک اہم تبدیلی یہ بھی کی گئی تھی کہ جیو بائیو میٹرک کارڈ کی لازمی شرط ختم کر دی گئی، جیو بائیو میٹرک کارڈ نہ ہونے کی صورت میں بھی امیدوار امتحان میں شرکت کر سکے، تاہم امتحانی مرکز پر امیدواروں کی شناخت کے لیے اصل مارک شیٹ بھی جانچی گئی

بقیہ 17

ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 3 روز کے دوران گرمی کی شدت میں اضافے کے باعث شہریوں کو موسم کی صورتحال کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ضرورت ہوگی۔

بقیہ 18

ایک قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ قوم شہید کیپٹن حمزہ اکرم اور ان کے خاندان کی قربانیوں کا قرض ادا نہیں کرسکتی۔ شہید کیپٹن حمزہ ہمارے دلوں میں زندہ ہیں اور ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ واضح رہے کہ کیپٹن حمزہ اکرم ہنگو میں خوارجیوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوئے تھے

بقیہ 19

سٹیک ہولڈرز اور ریاستی اداروں کو دہشتگردی کے خلاف یکجا ہو کر عمل دیکھنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی، غربت اور ناانصافی سے لڑنے کی بجائے ایک دوسرے سے لڑنے والی قوم کے حالات درست نہیں ہوسکتے۔

بقیہ 20

کرنے کا پلان مرتب کر کے اس پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی توجہ دیہی تعمیر و ترقی پر مرکوز ہے جس کا براہ راست فائدہ عام شہری کو پہنچے اور لوگوں کو بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے بار بار دروازے نہ کھٹکھٹانے پڑیں۔

بقیہ 21

بھر میں 838 نئے اور از سر نو تعمیر شدہ اسکول تکمیل کے قریب ہیں، ان منصوبوں کی کامیابی بچوں کو اسکولوں میں داخل کرنے کی مہم سے جڑنے سے ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ نئے اسکولوں میں تقریباً اضافی لاکھ بچوں کیلئے تعلیمی مواقع پیدا ہوں گے، جبکہ سیلاب متاثرہ اضلاع میں 2 لاکھ 21 ہزار سے زائد اور نئے اپ گریڈ شدہ سیکنڈری اسکولوں میں 28 ہزار سے زائد بچوں کو داخلہ دیا جائے گا۔ مراد علی شاہ نے ہدایت دی کہ اسکولوں کی تکمیل سے قبل ضلع وار داخلہ منصوبے تیار کیے جائیں، بلدیاتی نمائندوں، مقامی رہنماؤں اور والدین کو مہم میں شامل کیا جائے اور اسکولوں کے اطراف رہنے والے ہر بچے کو داخل کرانے کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کمیونٹی سطح پر اسکول سے باہر بچوں کی نشاندہی اور ان کے خاندانوں سے رابطے کی بھی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہر اسکول میں داخلہ، طلبہ کو برقرار رکھنے اور تعلیمی نتائج کے قابل پیمائش اہداف مقرر کیے جائیں، جبکہ ہر اسکول کی تکمیل سے پہلے اسے فعال کرنے کا جامع منصوبہ پیش کیا جائے۔ تعلیمی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کو بہتر خواندگی اور مضبوط معاشرے میں تبدیل کرنا ہوگا۔ اجلاس کو صوبائی وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ نے بریفنگ میں بتایا کہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے 838 اسکول تعمیر، اپ گریڈ یا بحال کیے جا رہے ہیں، جن میں اصل منصوبے کے تحت 116 نئے سیکنڈری اسکول اور سیلاب بحالی پروگرام کے تحت 722 موسمیاتی اثرات سے محفوظ اسکول شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ دسمبر 2026 تک 257 اسکول مکمل ہوجائیں گے، جون 2027 تک یہ تعداد 611 تک پہنچ جائے گی جبکہ باقی اسکولوں کی تکمیل 2027 کے اختتام تک کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اصل منصوبے کے تحت 64 اسکول دسمبر 2026 اور 52 اسکول جون 2027 تک مکمل ہوں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سیلاب بحالی منصوبے کے تحت 5 اضلاع میں 722 تباہ شدہ اسکول دوبارہ تعمیر کیے جائیں گے، جبکہ سیکڑوں سیلاب متاثرہ اسکولوں کو ایلیمنٹری اور سیکنڈری سطح تک اپ گریڈ کیا جائے گا۔ وزیر تعلیم کے مطابق نئے اسکولوں میں سائنس و کمپیوٹر لیبارٹریاں، لائبریریاں، شمسی توانائی، لڑکیوں کیلئے کامن رومز اور دیگر طلبہ دوست سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 140 اسکولوں کے پہلے مرحلے کی خریداری کا عمل شروع کر دیا گیا ہے اور مزید اسکول مرحلہ وار تعلیمی انتظامی اداروں کے حوالے کیے جائیں گے۔ اسکول منتقل ہونے والے اداروں کے ساتھ شراکت داری جاری رکھی جائے گی تاکہ داخلہ، حاضری اور تعلیمی نتائج بہتر بنائے جاسکیں۔ چیف سیکرٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ آگاہی اور داخلہ مہم میں مکمل تعاون فراہم کرے گی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ ہر مکمل اسکول فعال ہونا چاہیے، کسی بچے کو تعلیم سے محروم نہیں رہنے دیں گے اور نئے اسکولوں کو سندھ میں تعلیم، خواندگی اور سماجی ترقی کے مراکز میں تبدیل کیا جائے گا

بقیہ 22

پر انحصار پاکستان کی معیشت اور توانائی سلامتی کے لیے خطرہ ہے۔ قطر سے آر ایل این جی سپلائی متاثر ہونے پر ملک کو لوڈ شیڈنگ کا سامنا کرنا پڑا۔ ان کے مطابق سولر بجلی دستیاب ہونے سے بجلی کی صورتحال نسبتاً بہتر رہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بجلی پیداوار میں صاف توانائی کا حصہ 55 فیصد تک پہنچ چکا ہے، حکومت نے 2035 تک اسے 90 فیصد تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ بیٹری اسٹوریج کے بغیر 90 فیصد کلین انرجی ہدف حاصل نہیں ہوسکتا، بیٹری اسٹوریج بجلی کو قومی گرڈ سے ہم آہنگ بنانے اور گرڈ کو متوازن رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ حکومت بیٹری انرجی اسٹوریج کی مقامی صنعت کے فروغ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان میں بیٹریوں کی درآمد نہیں بلکہ مقامی مینوفیکچرنگ کو فروغ دیا جائے گا، وزارت صنعت مقامی بیٹری مینوفیکچرنگ پالیسی کو حتمی شکل دے رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ڈسکوز میں بیٹری انرجی اسٹوریج کے پائلٹ منصوبوں کی منظوری دے دی گئی، پائلٹ منصوبوں سے حاصل ہونے والا ڈیٹا مستقبل کی ریگولیٹری پالیسی کی بنیاد بنے گا، حکومت قومی بیٹری انرجی اسٹوریج فریم ورک تشکیل دے رہی ہے، نئے فریم ورک میں معیار، گرڈ کنکشن اور سرمایہ کاری کے قواعد شامل ہوں گے۔ وزیر توانائی نے عالمی سرمایہ کاروں اور ٹیکنالوجی کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ کانفرنس کی سفارشات کو براہ راست حکومتی پالیسی سازی کا حصہ بنایا جائے گا، کیونکہ حکومت نمائشی رپورٹس نہیں بلکہ قابل عمل اور حقیقت پسندانہ تجاویز چاہتی ہے۔ پاکستان کی توانائی کا مستقبل مقامی سورج، مقامی انجینئرز اور مقامی بیٹری اسٹوریج سے وابستہ ہے۔

بقیہ 23

ضروری طبی و معاون عملے کی 24 گھنٹے دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کر دی گئی۔ سرکلر کے مطابق پمز ہسپتال میں ہائی الرٹ 30 ستمبر 2026 تک برقرار رہے گا، جبکہ میڈیکل اور نان میڈیکل شعبوں کے سربراہان کی چھٹیوں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ ہائی الرٹ کے دوران ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس اور معاون عملے کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ تمام افسران اور عملے کو ہنگامی صورتحال میں فوری دستیابی اور بروقت ردعمل کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ سرکلر میں پمز ہسپتال کی ایمرجنسی، آئی سی یو، آپریشن تھیٹرز، ٹراما، برننگ اور ڈائیگناسٹک سروسز کو مکمل فعال رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ بلڈ بینک اور فارمیسی سروسز بھی مکمل فعال رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ہائی الرٹ کے دوران پمز میں ایمبولینسز کی 24 گھنٹے دستیابی یقینی بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔ ایمرجنسی اور ایمبولینس کے راستے ہر وقت کلیئر رکھنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ ڈائریکٹر ایمرجنسی پمز ہسپتال ڈاکٹر شرجیل تصیر کو ہنگامی صورتحال کے لیے فوکل پرسن مقرر کیا گیا ہے۔ سرکلر کے مطابق بڑے پیمانے پر مریضوں کی آمد کی صورت میں اضافی بیڈز، اسٹریچرز اور وہیل چیئرز کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی۔ آکسیجن، خون، ادویات، ضروری طبی آلات اور دیگر سامان کا وافر اسٹاک رکھنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ ایمرجنسی، مرکزی داخلی راستوں اور حساس مقامات پر سیکیورٹی سخت رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ہائی الرٹ کے دوران طبی رخصت کے سوا عملے کی تمام چھٹیاں محدود کر دی گئی ہیں، جبکہ ڈیوٹی روسٹرز اپ ڈیٹ رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نیورو سرجری، آرتھوپیڈک، جنرل سرجری اور اورل اینڈ میکسیلو فیشل سرجری کے زیادہ سے زیادہ عملے کو آن کال رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ پمز ہسپتال کے ایس ڈبلیو وارڈ میں 20 مخصوص بیڈز دستیاب رکھنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔

بقیہ 24

کہ حکومت کی جانب سے عوامی فلاحی منصوبوں، ترقیاتی سرگرمیوں اور معاشی اقدامات کو جاری رکھتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے اگر کسی سیاسی جماعت کو حکومتی پالیسیوں سے اختلاف ہے تو اسے آئینی اور جمہوری طریقہ کار کے ذریعے اپنا موقف پیش کرنا چاہیے۔ مسلم لیگی رہنما بیگم شاہدہ قدیر نے مزید کہا کہ حکومت کے خلاف احتجاج کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ پارلیمنٹ کے اندر اپنا سیاسی کردار ادا کریں اور عوامی مسائل کے حل کے لئے قانون سازی اور سیاسی مکالمے کا راستہ اختیار کریں، پرامن احتجاج ہر سیاسی جماعت کا آئینی حق ہے تاہم احتجاج کی آڑ میں سرکاری و نجی املاک کو نقصان پہنچانا، سڑکیں بند کرنا، کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ ڈالنا یا شہریوں کے معمولات زندگی متاثر کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں ہوسکتا۔ بیگم شاہدہ قدیر نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت کی حب الوطنی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، وہ اپنا سب کچھ پاکستان پر قربان کرنے کا عزم رکھتی ہے جبکہ پاکستان کے مفادات سے کھیلنے اور قومی عسکری اداروں پر حملے کرنے والی قیادت اور ان کے حواری ملک میں انارکی و انتشار کی نذر کرنے کی مسلسل سازشیں کر رہے ہیں جنہیں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ پی ٹی آئی کی سازش ناکام ہوگی، توشہ خانہ اور اقتدار میں اربوں روپے کی کرپشن کرنے والے کو صادق و امین قرار دینے والوں کے عزائم بھی واضح ہو گئے ہیں پاکستان کے مفادات سے کھیلنے والوں کے چہرے قوم اچھی طرح پہچان چکی اب ان کے کسی بہکاوے میں ہرگز نہیں آئے گی

بقیہ 25

1947 کی دفعہ 5(2) کے ساتھ ملا کر، 22 مشتبہ افراد کے خلاف مقدمہ نمبر 48/2026 درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق تحقیقات کے دوران 16 مشتبہ افراد کی نشاندہی کی گئی جن کا تعلق ایف اینڈ ایف پلازہ میں موجود صوفی کنسلٹنٹس، ایکسلنٹ کوریئر سروس، لیپرڈ کوریئر سروسز، راک کنسلٹنسی، لون کنسلٹنٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، بی ایم کنسلٹنٹس اور فیئر لائن سروسز سے ہے۔ مقدمہ میں وزارت خارجہ کے چھ اہلکاروں کو بھی نامزد کیا گیا ہے، جن میں تصدیق اور اپوسٹل کے کام سے وابستہ اہلکار شامل ہیں، جن پر اس نیٹ ورک میں سہولت کاری کا الزام ہے۔ ایف آئی اے کا الزام ہے کہ درخواست دہندگان سے اپوسٹل اور دستاویزات کی تصدیق کی خدمات کو جلد فراہم کرنے کے وعدے پر بھاری رقوم وصول کی جاتی تھیں، جبکہ وزارت کے اہلکاروں کو مبینہ طور پر رشوت دی جاتی تھی۔ ایجنسی کا کہنا ہے کہ جعلی اپوسٹل اسٹیکرز مبینہ طور پر پاکستان بھر میں مختلف مقامات پر تقسیم کیے گئے، جس سے سرکاری دستاویزات کے غلط استعمال اور قومی خزانے کو نقصان پہنچنے کے خدشات پیدا ہوئے ہیں۔ متعلقہ عدالت نے گرفتار مشتبہ افراد کا تین روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا ہے، جبکہ انسپکٹر ارسلان مسعود خان اس مقدمے کی تحقیقات کریں گے۔ یہ آپریشن ایف آئی اے اسلام آباد زون کے ڈائریکٹر کی ہدایت پر ہوا اور سی سی اسلام آباد کے ڈپٹی ڈائریکٹر کی نگرانی میں کیا گیا۔ اس ٹیم میں انسپکٹرز ارسلان مسعود خان اور حنا رباب ہاشمی، سب انسپکٹرز تابش جاوید، فرقان مرتضیٰ اور شہریار، اے ایس آئی سفیر کیانی، وقاص اور کلیل طارق، اور ہیڈ کانسٹیبل محمد عزیر شامل تھے۔ ایف آئی اے اسلام آباد زون نے کہا کہ عوامی اداروں میں چاہے سرکاری عہدیدار ہوں یا عام افراد، بدعنوانی اور جعل سازی میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 26

مطابق کام کریں گی۔ پیر 21 ستمبر کو پولیس اسٹیشن آن وہیل، اقراء یونیورسٹی، وین 1 ٹرول پلازہ چوک، وین 2 ایف 10 بولان گیٹ اور وین 3 فیض آباد ٹریک آفس میں دستیاب ہوگی۔ منگل 22 ستمبر کو پولیس اسٹیشن آن وہیل جی 11 مرکز، وین 1 اسلامک یونیورسٹی، وین 2 ڈی ایچ اے 2 (گیٹ 4) اور وین 3 تھانہ آفس چیک پوسٹ پر موجود ہوگی۔ بدھ 23 ستمبر کو پولیس اسٹیشن آن وہیل سینٹورس مال، وین 1 بھارہ کہو بازار، وین 2 ای 11/3 طوبیٰ مسجد اور وین 3 فیض آباد ٹریک آفس میں موجود ہوگی۔ جمعرات 24 ستمبر کو پولیس اسٹیشن آن وہیل ای 11 مرکز کا، وین 1 سری نگر ہائی وے، وزیرہ پوائنٹ چیک پوسٹ، وین 2 جھنگ اتوار میلا چیک اور وین 3 ایڈ وینچر ان چیک پوسٹ پر موجود ہوگی۔ جمعہ 25 ستمبر کو پولیس اسٹیشن آن وہیل آئی 10 مرکز، وین 1 کھنہ پل، وین 2 بری امام ہاؤس اور وین 3 فیض آباد ٹریک آفس میں دستیاب ہوگی۔ ہفتہ 26 ستمبر کو پولیس اسٹیشن آن وہیل روال ٹاؤن، وین 1 ایف 8 مرکز، وین 2 آئی نائن پی روڈ گندم گودام چیک پوسٹ اور وین 3 تھانہ آفس چیک پوسٹ پر موجود ہوگی۔ اتوار 27 ستمبر کو پولیس اسٹیشن آن وہیل اتوار بازار H 9 جبکہ وین 1 ٹریفک آفس فیض آباد، وین 2 پولیس لائنز H 11 اور وین 3 اسلام آباد کلب میں تعینات ہوں گی۔ پولیس اسٹیشن آن وہیل گمشدگی رپورٹ، کریکٹر سرٹیفکیٹ، لرنر پرمٹ، ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید اور ڈپلیکیٹ لائسنس کے اجرا جیسی خدمات فراہم کرے گا۔ تینوں سہولت وینز لرنر پرمٹ، لائسنس کی تجدید، ڈپلیکیٹ لائسنس اور ڈرائیونگ ٹیسٹ شعبوں کی سہولیات فراہم کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ شہری پولیس اسٹیشن آن وہیل کے سلسلے میں جمیل احمد (0313-5235946)، وین 1 کے لیے دلاور خان (0315-5798711)، وین 2 کے لیے عبدالقدیر (0300-2322883) اور وین 3 کے لیے ثاقب خان (0320-5022304) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے شہری ITP ہیلپ لائن 1915 پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں

بقیہ 27

ملک کے آئینی، انتظامی نظام کا حصہ ہیں اور ان کے خلاف نفرت انگیز مہم و دھمکی آمیز بیانات یا اشتعال انگیزی سے قومی اداروں اور عوام کے درمیان فاصلے پیدا ہوتے ہیں، احتجاج کے نام پر ایسی بیان بازی سے ہر صورت اجتناب کیا جانا چاہیے جس سے معاشرے میں اشتعال یا تصادم کی کیفیت پیدا ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ جمہوری اقدار، سیاسی برداشت، آئین کی بالادستی اور عوام کے سیاسی حقوق کی بات کی ہے۔

بقیہ 28

نے منشیات سپلائرز کو حراست میں لے کر 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 29

موجود تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کے مشن کی تکمیل میرا مشن ہے، میں نے ایسے گھرانے میں آنکھ کھولی جہاں میرے والد حاجی محمد اور بس اور میرے بھائی حسین اور بس نے ہمیشہ عوامی خدمت کے جذبے کے تحت عوامی خدمت میں پیش پیش رہے۔ اس تقریب میں مختلف جماعتوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات موجود ہیں میں کسی ایک فرد کی ایم این اے نہیں ہوں بلکہ خدمت خلق کے جذبے کے تحت سب کے لیے میرے جذبے ایک جیسے ہیں، میری کوشش ہوگی کہ تعلیم اور نوجوانوں کے لیے کام کروں، تعلیم میں جو مسائل ہیں ان کو حل کرنے کی کوشش کرتے ہوئے آزاد کشمیر میں بالخصوص حلقہ نمبر دو اسلام گڑھ میں ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ قائم کیا جائے تاکہ نوجوان کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہو سکیں، آئی ٹی سنٹر کا قیام میرا خواب ہے، محکمہ صحت کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے، اب وقت آگیا ہے کہ دوران زچگی کوئی عورت اب تکلیف میں مبتلا نہیں ہوگی۔ اس سے قبل تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، تلاوت کلام پاک کی سعادت حافظ تعمیر نے حاصل کی۔ تقریب سے سابق امیدوار اسمبلی حکیم بخش چوہدری، محمد زبیر انقلابی نے بھی خصوصی خطاب کیا جبکہ نظامت کے فرائض ممبر اسمبلی مریم اور بس کے بھائی حسین اور بس نے سر انجام دیے۔ تقریب میں ابرار نیاز، راجہ وسیم خالد، عبدالرحمان، چوہدری خلیق الزمان، حاجی تائب حسین چوہدری، چوہدری فضل حسین ریال، چوہدری یعقوب پالکوی، حاجی غلام رسول پالکوی، چوہدری محمد آصف، صوفی تنویر حسین، سسرالی صحافیوں میں عبدالشاہد چوہدری، خواجہ مسعود حسین، ڈڈیال چوہدری امجد حسین اسلام گڑھ، راجہ افراز محمود، غلام فرید راجہ عابد حسین، چوہدری مظفر علی، چوہدری محمد مرتضیٰ، عطاری عمران بلال نے بھی شرکت کی، اس کے علاوہ دیگر اہم سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں خواتین کی بھی بڑی تعداد موجود تھی۔ تقریب کی صدارت ممبر اسمبلی کے والد گرامی حاجی محمد اور بس نے کی۔ تقریب میں عوام کے لیے طعام کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا تھا۔

بقیہ 30

جرمانہ 16 ارب سے بڑھ چکا ہے۔ جبکہ فرانس میں پمپس پر پٹرول کی قلت ہوگئی ہے۔ ایران جنگ شروع ہونے سے پہلے پاکستان میں پٹرول کی قیمت 260 اور ڈیزل کی قیمت 280 روپے فی لیٹر تھی، جبکہ خام تیل کی قیمت 71 ڈالر فی بیرل تھی، اس وقت قیمت 118 ڈالر فی بیرل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں، بحران کے تناظر میں تیل کی قیمتوں، مصنوعات کی دستیابی کا جائزہ لیا جارہا ہے، پٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی حکومت کی ترجیح ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم کی ہدایات پر پٹرولیم شعبے میں عوامی ریلیف کو ترجیح دی جارہی ہے، پٹرول کی قیمت بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے، حکومت کو عوام کی تکلیف کا مکمل احساس ہے، ریاست کے مفادات کے تحفظ کے لیے ہر کوشش کریں گے، عوام کے لیے تیل سستا کرنا میری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے تحریک انصاف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی نے اپنے دور میں سستی شہرت کیلئے ملک کو دیوالیہ پن کے دہانے تک پہنچایا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خطہ نہایت نازک دور سے گزر رہا ہے، سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے حملے قابل مذمت ہیں۔

بقیہ 31

ٹی کی خدمت ہے۔ زمین، پانی، ہوا اور خوراک رب کی عطا اور آنے والی نسلوں کی امانت ہیں، جن کا تحفظ ہم سب کی دینی، اخلاقی اور سماجی ذمہ داری ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ رزق کی قدر کرنا ہماری دینی و اخلاقی ذمہ داری ہے، دسترخوان پر خوراک کا ضیاع ہمارے اجتماعی رویوں پر غور کا تقاضا کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام کے مطابق دنیا بھر میں روزانہ ایک ارب سے زائد کھانوں کے برابر خوراک ضائع ہونے کا تخمینہ ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ خوراک کا ضیاع روکنا غذائی عدم تحفظ، بھوک اور ماحولیاتی مسائل سے نمٹنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے، اس لیے ضرورت کے مطابق خوراک استعمال کرنے، اضافی خوراک کے ضیاع کو روکنے اور وسائل کے تحفظ کو روزمرہ زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صاف شہر صرف سڑکوں، گلیوں اور شاہراہوں کی صفائی سے نہیں بنتے بلکہ صاف سوچ، احساس ذمہ داری اور مثبت رویوں سے وجود میں آتے ہیں۔ حکومت، عوام، کاروباری و سماجی اداروں اور سول سوسائٹی باہمی تعاون سے صاف، سرسبز اور صحت مند سندھ کے قیام میں کردار ادا کریں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ اپنے حصے کی صفائی، ذمہ داری اور بھلائی کا آغاز آج ہی کرنا ہوگا، صاف پلیٹ سے صاف گھر، صاف گھر سے صاف محلہ اور صاف محلے سے صاف شہر بنتا ہے۔ صاف اور پاکیزہ ماحول ہی صحت مند معاشرے اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔

بقیہ 32

قبضہ دیا جائے گا۔ 25 فیصد ڈاؤن پیمنٹ پر بلڈنگ پلان کی منظوری، 30 دن کے اندر مکمل ادائیگی پر مجموعی رقم میں 5 فیصد رعایت جبکہ امریکی ڈالر میں مکمل ادائیگی پر مزید 5 فیصد رعایت بھی دی جائے گی۔ سی ڈی اے کے مطابق پلاٹوں کی منتقلی، سیوریج نظام کی اپ گریڈیشن، اراضی کی کلیئرنس اور مضبوط رابطہ سڑکوں کی فراہمی میں بھی سہولت فراہم کرے گا۔ سی ڈی اے کے مطابق یہ نیلامی محض اراضی کے حصول کا موقع نہیں بلکہ اسلام آباد کے مستقبل میں سرمایہ کاری کا ایک اہم موقع ہے، ایسے وقت میں جب دارالحکومت اعلیٰ سطحی سفارت کاری، امن اقدامات اور بین الاقوامی سرگرمیوں کا مرکز بن رہا ہے۔ اپریل 2026 میں اسلام آباد نے امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کی میزبانی کی جبکہ جون 2026 میں اسلام آباد معاہدے پر دستخط کی تقریب بھی منعقد ہوئی جو اعلیٰ سطحی وفود، سفارتی مشنز اور کاروباری شخصیات کی میزبانی کی شہر کی صلاحیت کو اجاگر کرتی ہے۔ مارگلہ پہاڑیوں کے دامن میں واقع اسلام آباد اپنے وسیع سبزہ زاروں، منظم شہری ماحول اور جدید انفراسٹرکچر کے باعث قدرتی خوبصورتی، سکون اور قومی دارالحکومت کے وقار کا امتزاج پیش کرتا ہے

بقیہ 33

داری کو واپس لینے اور نمائندگی ختم کرنے کی اجازت مانگی ہے۔ درخواست میں یاسین ملک کے اس تحریری موقف پر خاص زور دیا گیا ہے جو وہ پہلے ہی عدالت میں جمع کرا چکے ہیں۔ وکیل کے مطابق، یاسین ملک نے غور و فکر کے بعد مقدمے کی مزید کارروائی سے متعلق اپنا ذاتی فیصلہ سنایا ہے۔ یاسین ملک کی 25 صفحات پر مشتمل تحریری معروضات کے مطابق انہوں نے مقدمے کی مزید کارروائی کا دفاع نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاہم انہوں نے صراحت کے ساتھ یہ واضح کیا ہے کہ ان کے اس فیصلے کو جرم کا اعتراف یا الزامات کی قبولیت نہ سمجھا جائے۔ وکالت نامہ واپس لینے کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ یاسین ملک کی نئی ہدایات کے بعد وکیل کے لیے اس مخصوص کیس میں ان کی نمائندگی جاری رکھنا ممکن نہیں رہا۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ وکیل کو سری نگر کیس میں یاسین ملک کی نمائندگی سے دستبردار ہونے کی اجازت دی جائے۔ اس کے ساتھ ہی عدالت سے یہ ریکارڈ پر لانے کی درخواست بھی کی گئی ہے کہ اس دستبرداری کو کسی بھی الزام، حقیقت، جرم یا قانونی ذمہ داری کا اعتراف نہ تصور کیا جائے۔ اس درخواست کی ایک اہم بات اس کا محدود دائرہ کار ہے۔ یہ درخواست صرف سری نگر کی عدالت کے سامنے زیر التوا اس مخصوص کارروائی تک محدود ہے

بقیہ 34

ہے، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، راولپنڈی پولیس جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

بقیہ 35

بے نقاب ہوا ہے اور 22 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمے میں دھوکہ دہی، جعل سازی، جعلی دستاویز کو اصلی کے طور پر استعمال کرنے سمیت انسداد کرپشن کی بھی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ ایف آئی اے نے کہا ہے کہ جن کنسلٹنسی اور کوریئر اداروں کے مالکان اور ملازمین اس غیر قانونی نیٹ ورک میں ملوث تھے ان میں صوفی کنسلٹنٹس، ایکسلنٹ کوریئر سروس (ای سی ایس)، لیپرڈ کوریئر سروسز (ایف اینڈ ایف پلازہ آبپارہ)، آر اے اے کے (RAAK) کنسلٹنسی، لون کنسلٹنٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، بی ایم کنسلٹنٹس اور فیئر لائن سروسز شامل ہیں۔ تحقیقاتی ادارے کا کہنا ہے کہ نجی اداروں سے تعلق رکھنے والے 16 ملزمان کے علاوہ وزارت خارجہ کے 6 افسران بشمول اے ڈی اے پی ایس ایڈمنسٹریشن، انچارج اپوسٹل بھی اس نیٹ ورک میں شامل پائے گئے۔ ایف آئی اے کا الزام ہے کہ ملزمان اپوسٹل اور تصدیقی خدمات کو تیز کروانے کے نام پر درخواست گزاروں سے بھاری رقوم وصول کرتے تھے اور اس میں سے وزارت خارجہ کے افسران کو رشوت دی جاتی تھی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جعلی اپوسٹل اسٹیکرز پورے پاکستان میں مختلف مقامات پر گردش میں تھے جس سے قومی خزانے کو بھاری نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ بیان کے مطابق گرفتار ملزمان کو متعلقہ عدالت میں پیش کر کے ان کا تین روزہ جسمانی ریمانڈ حاصل کر لیا گیا ہے۔ مقدمے کی تفتیش انسپکٹر ارسلان مسعود خان انجام دیں گے۔ بی بی سی اردو کے شہزاد ملک کے مطابق مقدمے کے تفتیشی افسر کا کہنا ہے کہ گرفتار ہونے والوں میں وزارت خارجہ کے چھ اہلکار شامل نہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ان سرکاری ملازمین کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 36

ہم منصبوں سے ملاقاتیں کریں گے اور وزیر اعظم کے ہمراہ اعلیٰ سطح کی دوطرفہ ملاقاتوں اور دیگر تقریبات اور اجلاسوں میں بھی شرکت کریں گے۔ پاکستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد سے نیویارک روانہ ہو گئے ہیں، جہاں وہ 21 سے 25 ستمبر تک وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے ہمراہ ہوں گے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ اس ہفتے کے دوران نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کا پروگرام وسیع اور مختلف نوعیت کی سرگرمیوں پر مشتمل ہوگا۔ وزیر خارجہ اور وزیر اعظم کشمیر کے معاملے پر او آئی سی رابطہ گروپ کے اجلاس میں شرکت کریں گے، جس میں وہ کشمیریوں کے حقوق کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کریں گے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے مزید کہا گیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر ہونے والے او آئی سی کے متعدد وزارتی اجلاسوں میں بھی شرکت کریں گے، جن میں او آئی سی وزرائے خارجہ کا سالانہ رابطہ اجلاس اور او آئی سی رابطہ گروپ کے دیگر اجلاس شامل ہیں۔ تفصیلی بیان میں بتایا گیا کہ فلسطینی کاز کے لیے پاکستان کی مضبوط حمایت کے اظہار کے طور پر نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ فلسطین کے معاملے پر ہونے والے کئی اعلیٰ سطحی اجلاسوں میں شرکت کریں گے۔ ان اجلاسوں میں آٹھ عرب اور اسلامی ممالک کے گروپ کا اجلاس اور دو ریاستی حل کے نفاذ کے لیے عالمی اتحاد کا اعلیٰ سطحی وزارتی اجلاس بھی شامل ہیں۔ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ مصنوعی ذہانت کے معاملے پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی اعلیٰ سطح کی بریفنگ میں بھی خطاب کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ وبائی امراض سے بچاؤ، تیاری اور ردعمل سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس میں بھی شرکت کریں گے۔ وہ اقتصادی تعاون تنظیم کی وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس کی صدارت بھی کریں گے۔ بیان کے مطابق نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کئی ممالک کے ہم منصب وزرائے خارجہ سے دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے، جبکہ وزیر اعظم کے ہمراہ اعلیٰ سطحی دوطرفہ ملاقاتوں اور دیگر سرگرمیوں میں بھی شریک ہوں گے۔ وزارت خارجہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ ان وسیع سفارتی سرگرمیوں کے دوران وہ علاقائی اور عالمی امن و استحکام کے لیے پاکستان کی جاری کوششوں کو اجاگر کریں گے اور اہم علاقائی و بین الاقوامی چیلنجز پر تبادلہ خیال کریں گے۔

بقیہ 37

متبادل فوائد حاصل ہونے کا امکان ہے منصوبے سے تقریباً 965.1 ارب روپے کی معاشی سرگرمی پیدا ہونے کی توقع کی جارہی ہے۔ دستاویز کے مطابق سورج مکھی کی پیداوار 20 لاکھ ٹن تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جبکہ قومی آئل سیڈ پالیسی کے تحت درآمدی خوردنی تیل پر 40 فیصد تک ریگولیٹری ڈیوٹی لگانے کی تجویز دی گئی ہے۔ پاکستان کا کھانے پینے کی اشیاء کا مجموعی سالانہ درآمدی بل تقریباً 7 ارب ڈالر سے زائد ہے۔

بقیہ 38

عرصے سے غیر فعال تھے۔ جی ڈی اے کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمن خان کی ہدایات پر اب انہیں فعال کر دیا گیا ہے، اس کے ساتھ ساتھ مچھلی کی باقاعدہ نیلامی کا انتظام بھی شروع کیا جارہا ہے۔ اس اقدام کا مقصد سربندر کے ماہی گیروں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا، مچھلی کی خرید و فروخت کو منظم کرنا اور ماہی گیری کے شعبے کو مزید فروغ دینا ہے۔ باقاعدہ نیلامی کا نظام سربندر کے ماہی گیروں کو ان کے شکار کی بہتر اور مناسب قیمتیں حاصل کرنے میں مدد دے گا، جبکہ مچھلی کی خرید و فروخت کے عمل کو زیادہ منظم اور شفاف بنانے میں بھی معاون ثابت ہوگا۔ فش آکشن ہال اور دیگر سہولیات سے حاصل ہونے والی آمدنی اس جیٹی پر موجود سہولیات کے آپریشن، دیکھ بھال، مرمت اور مزید بہتری پر خرچ کی جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق اس موقع پر جی ڈی اے کے چیف انجینئر حاجی سید محمد، سپرنٹنڈنگ انجینئر روزنامہ بلوچ، پروجیکٹ ڈائریکٹر سربندر جیٹی حاجی حنیف حسین، ایگزیکٹو انجینئر قاسم بلوچ، سربندر یونین کونسل کے چیئرمین نصیب نوشیروانی، معروف کاروباری و سماجی شخصیت کہدہ حمید حسین سمیت بڑی تعداد میں ماہی گیر، متعلقہ افسران اور دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔

بقیہ 39

مال کے تحفظ کے لیے موثر سکیورٹی اقدامات کو یقینی بنائیں۔ اجلاس میں آن لائن ہراسانی، ریاست مخالف پروپیگنڈے اور غیر قانونی آن لائن سرگرمیوں کے خلاف اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ افسران کو ہدایت کی گئی کہ وہ ایسی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کریں اور سائبر پیٹرولنگ کو مزید مضبوط بنائیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز اور انٹرنیٹ پر مجرمانہ سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنانے اور ضرورت پڑنے پر بروقت قانونی کارروائی کرنے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے اور شہریوں کی روزمرہ کی نقل و حرکت میں سہولت فراہم کرنے کے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی جی محمد کلیل چوہدری نے افسران کو ہدایت کی کہ سکیورٹی اور ٹریفک انتظامات کی موثر نگرانی کو یقینی بنائیں اور شہریوں اور ان کی املاک کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائیں۔

بقیہ 40

نواز شریف کی خصوصی ہدایات کے مطابق قرآن پاک کے اوراق کی بے حرمتی یا ان کے غیر محفوظ طریقے سے تلف کیے جانے کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور اس معاملے میں کسی بھی سطح پر غفلت یا کوتاہی کی گنجائش نہیں۔ محکمہ اوقاف پنجاب وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر عملی طور پر عملدرآمد کرتے ہوئے قرآن پاک کے اوراق مقدسہ کے تحفظ، محفوظ منتقلی اور باوقار ری سائیکلنگ کے جامع نظام کو مزید مؤثر اور تحصیل سطح تک وسیع کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب میں ڈویژنل سطح پر آٹھ قرآن محل قائم کیے جا چکے ہیں جبکہ ساہیوال میں عیدگاہ کے مقام پر قائم قرآن محل پنجاب قرآن بورڈ کے زیر انتظام کام کر رہا ہے۔ پنجاب قرآن بورڈ (سیرت اکیڈمی) نے اوراق مقدسہ کی محفوظ تلفی و تحفظ کے لیے مدینہ فاؤنڈیشن کے ساتھ باقاعدہ مفاہمتی یادداشت کر رکھی ہے۔

بقیہ 41

اطلاع دی گئی۔ مددگار پولیس موقع پر پہنچی اور موبائل فون کی لوکیشن کے ذریعے ڈاکوؤں کا تعاقب کیا۔ پولیس کے مطابق ایک گلی میں چھاپے کے دوران 2 ڈاکو فرار ہونے کی کوشش کر رہے تھے کہ شہری نور احمد نے ایک ڈاکو کو دبوچ لیا۔ اسی دوران ڈاکو کی فائرنگ سے نور احمد پیٹ پر گولی لگنے سے شدید زخمی ہو گیا جبکہ ڈاکو یوسف بھی اپنی ہی گولی ٹانگ پر لگنے سے زخمی ہو گیا۔ پولیس نے یوسف کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے اسلحہ برآمد کرلیا۔ پولیس نے زخمی گرفتار ڈاکو کو طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کیا، جہاں وہ پولیس حراست میں زیر علاج ہے جبکہ شدید زخمی شہری نور احمد دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے عباسی شہید اسپتال میں دم توڑ گیا۔ پولیس نے ضابطے کی کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی۔

بقیہ 42

کیلئے آنے والوں نے ہمایوں اختر خان اور ان کے ساتھیوں سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ دہائیوں کے بعد کسی سیاسی رہنما کی جانب سے حلقے کی محرومیوں کے خاتمے کیلئے تسلسل کے ساتھ آواز بلند کی جارہی ہے اور اس کے مثبت نتائج بھی سامنے آرہے ہیں۔ سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا کہ حلقے کی محرومیوں اور عوامی مسائل کو متعلقہ حکام تک ہمیشہ موثر انداز میں پہنچا رہے ہیں اور پھر اس کی پیروی بھی کرتے ہیں، ہم اپنی استعداد اور دستیاب وسائل کے مطابق عوام کے مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ عوام سے مسلسل رابطہ رکھنے کا مقصد حلقے کے مسائل کو سمجھنا اور ان کے حل کے لیے عملی کاوشیں جاری رکھنا ہے۔ ہمایوں اختر خان اپنی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے حلقے میں انتقال کر جانے والوں کے گھروں میں بھی گئے اور اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 43

پر پاکستان کو شدید تشویش ہے۔ افغانستان میں دہشت گردوں کی پناہ گاہیں اور بھرتیاں پاکستان کی سلامتی کے لیے براہ راست خطرہ ہیں۔ وفاقی وزارت نے کہا کہ افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کی جانب سے پاکستان کو سنگین نتائج کی دھمکی قابل مذمت ہے۔ افغان طالبان ذمہ داری سے بھاگنے اور پاکستان پر الزام تراشی کے بجائے اپنی سرزمین میں پلنے والے دہشت گردی کے نیٹ ورکس کا خاتمہ کریں۔ مزید کہا گیا کہ افغان عبوری حکومت دوحہ معاہدے کے تحت اپنی انسداد دہشت گردی کی ذمہ داریاں پوری کرے۔ افغان وزارت خارجہ کی جانب سے کوہاٹ حملے کی مذمت کافی نہیں، زبانی ہمدردی کو ٹھوس اور قابل تصدیق کارروائیوں میں بدلنا ہوگا۔ وزارت اطلاعات و نشریات نے کہا کہ ہم مذاکرات کے نام پر اپنے عوام کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والوں کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے، پاکستان اپنے شہریوں، سرحدوں اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے بین الاقوامی قوانین کے تحت ہر ضروری اقدام کرے گا۔ وزارت اطلاعات و نشریات کا کہنا تھا کہ پاکستان دہشت گردی کے خطرات کو ہر جگہ سے ختم کرنے کا مکمل عزم اور صلاحیت رکھتا ہے، عالمی برادری افغان طالبان پر دباؤ ڈالے کہ وہ اس خطرے کے پورے خطے میں پھیلنے سے پہلے فیصلہ کن کارروائی کریں۔

بقیہ 44

ان کی تجاویز اور آراء بھی معلوم کیں۔ شہریوں اور تاجر برادری نے گوجر خان میں صفائی کی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کی کاوشوں اور ایم ڈی کی قائدانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے رانا ساجد صفدر نے کہا کہ گوجر خان سمیت راولپنڈی ضلع کے تمام علاقوں میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔

Scanned with CamScanner

سیاسی جماعتوں کا احتجاج، وفاقی ہسپتالوں میں ہائی الرٹ

پمز، پولی کلینک میں میڈیکل و نان میڈیکل شعبوں سربراہان کی چھٹیوں پر پابندی لگا دی گئی، ڈاکٹر شرجیل فوکل پرسن مقرر

ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس اور معاون عملے کو دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت، ہائی الرٹ 30 ستمبر 2026 تک برقرار رہے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیاسی جماعتوں کے احتجاج اور مارچ کی کال پر وفاقی دارالحکومت کے اسپتالوں میں ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پمز اور پولی کلینک میں ہائی الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ میڈیکل و نان میڈیکل شعبوں کے سربراہان کی چھٹیوں پر پابندی بھی لگا دی گئی ہے۔ ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس اور معاون عملے کو دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی کی جانب سے اسلام آباد میں مہنگائی اور پٹرولیم بموں میں کمی کھلے لاگ مارچ کا اعلان کیا گیا ہے جس کیلئے مختلف شہروں سے کارکنان ڈی چوک کے ذریعے اسلام آباد پہنچے گے۔ دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف نے بھی 27 ستمبر کو اسلام آباد میں احتجاج کی کال دی ہوئی ہے۔ وفاقی اسپتال پمز میں ہائی الرٹ نافذ کرتے ہوئے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)



برطانوی خاتون سیاہ کے دورے کے موقع پر سیکورٹی اہلکار الرٹ کھڑے ہیں

پورا پاکستان پاک افواج کی قربانیوں کا مقروض ہے، ملک سجاد

خود کش بمبار سمیت دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

احتجاج کے نام پر ایسی بیان بازی سے ہر صورت اجتناب کیا جانا چاہیے، سابق یوسی چیئرمین

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے سینئر رہنما و سابق یوسی چیئرمین ملک سجاد نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ پوائنٹ میں نماز جمعہ کے دوران دھماکہ دہشتگردی کی انتہا ہے، خوارج بہار سمیت دیگر دہشتگردوں کا خاتمہ اہل کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں نہیں بھائیں گی۔ مسلم لیگی رہنما ملک سجاد نے مزید کہا کہ سیاسی جماعتوں کو ماضی کے تجربات و واقعات سے سبق حاصل کرتے ہوئے احتجاج کو آئینی اور جمہوری طریقے سے حل کرنے کی روایت مضبوط کرنی چاہیے ریاستی ادارے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد ٹریفک پولیس کی سہولت ویزز کا 21 تا 27 ستمبر 28 مقامات کیلئے شیڈول جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے شہریوں کو گھر کی دہلیز پر سہولت فراہم کرنے والی ویزز کیمپ 21 سے 27 ستمبر تک کا شیڈول جاری کر دیا ہے، جو وفاقی دارالحکومت کے 28 مختلف مقامات پر لگایا جائے گا، ٹریفک پولیس اور پولیس کی دیگر خدمات فراہم کریں گی۔ آئی جی پی حکام کے مطابق پولیس ایجوکیشن ایجوکیشن ویزز 1 ویں 2 اور ویں 3 روز (منگل 30 ستمبر سے شام 5:00 بجے تک ورچوئل شیڈول کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

امن و امان اقدامات کا مقصد سیاسی سرگرمیاں روکنا نہیں، شاہدہ قدیر

موجودہ حالات میں سیاسی قوتوں کو قومی مفاد کو ترجیح دینی چاہیے، مسلم لیگی رہنما

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے سینئر رہنما بیگم شاہدہ قدیر نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ پنجاب حکومت کی جانب سے امن و امان برقرار رکھنے کیلئے جانے والے اقدامات کا مقصد سیاسی سرگرمیوں کو روکنا نہیں بلکہ کسی بھی ممکنہ بدامنی اور قانون شکنی کی روک تھام ہے، سابقہ دنوں میں پنجاب حکومت نے بھی سیاسی و مذہبی اجتماعات کیلئے سیکورٹی انتظامات اور قانون کی پاسداری پر زور دیا ہے، مسلم لیگ (ن) کی وفاقی اور پنجاب حکومتیں مکمل ترقی، معاشی استحکام اور عوامی خوشحالی کیلئے مختلف شعبوں میں اقدامات کر رہی ہیں اور موجودہ حالات میں سیاسی قوتوں کو قومی مفاد کو ترجیح دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ایف آئی اے نے اسلام آباد میں جعلی اپوسٹل سٹیکرز سرکاری مہریں تیار، استعمال کرنے والے بین الاقوامی نیٹ ورک کا سراغ لگا لیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے اسلام آباد زون نے کارروائی میں ایک چھاپے کے دوران جعلی اپوسٹل (apostille) سٹیکرز، سرکاری مہریں تیار کرنے اور استعمال کرنے والے ایک بین الاقوامی نیٹ ورک کا سراغ لگا لیا، وزارت خارجہ کے چھ اہلکاروں سمیت 22 مشتبہ افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ابتدائی تحقیقات میں ایک مینیجر اور کلرک کو گرفتار کیا گیا ہے، جبکہ 20 مشتبہ افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ملزمان جعلی سرکاری مہریں اور اپوسٹل سٹیکرز تیار کرتے تھے، جو بیرون ملک استعمال ہونے والی دستاویزات کی تصدیق کیلئے لگائے جاتے ہیں، ملزمان کے قبضے سے 1 ہزار 471 جعلی اپوسٹل سٹیکرز، 468 جعلی مہریں، 420 جعلی سٹیمپ پیڈز اور 109 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی اے حکام کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

6 افراد زیر حراست، 5 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 6 افراد کو حراست میں لے کر 45 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، تفصیلات کے مطابق تھانہ گلبہار پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 18 لیٹر شراب برآمد کی، آر اے بازار پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، دھمیال پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، ترنول پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 07 لیٹر شراب برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈی ایس پی ہزارے نے کہا کہ منشیات کے خاتمے کیلئے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں

راولپنڈی، 3 منشیات سپلائر گرفتار، 1 کلو سے زائد چرس برآمد

منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 3 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 1 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی، تفصیلات کے مطابق سی پی او محمد مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس کا منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے تھانہ پولیس نے بڑے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 5 کلو 500 گرام چرس برآمد کی، زیر حراست منشیات سپلائر کا تھانہ ہی اداروں سمیت مختلف علاقوں میں منشیات سپلائی کرنے کا انکشاف کیا، مقدمہ درج کر لیا، تھانہ ستیانہ پولیس نے 3 کلو 600 گرام چرس برآمد کی، دھمیال پولیس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)



راولپنڈی، پی ٹی آئی کمان ونگ کے رہنما شیخ وقاص اکرم اور خالد نواز سدھر ملاقات کر رہے ہیں

چوری کی واردات کرنیوالا ملزم گرفتار، مسروقہ رقم 50 ہزار برآمد

ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) دھمیال پولیس نے کریاد سلور میں چوری کی واردات کرنے والا ملزم گرفتار کر کے مسروقہ رقم 50 ہزار روپے برآمد کر لی، تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے گشت کرتے ہوئے کریاد سلور میں چوری کی واردات کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، زیر حراست ملزم سے مسروقہ رقم 50 ہزار روپے برآمد ہوئی، ملزم نے پہلے کاٹ کر چوری کی واردات کی تھی، دھمیال پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، ایس پی صدر آصم منیر نے کہا کہ زیر حراست شخص کو شواہد کے ساتھ پراسیکیوشن عدالت کیا جائے گا، دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کریاد سلور میں چوری کی واردات کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔

سی پی او کی ہدایت، سینئر افسران کا چرچ و دیگر اہم مقامات کا دورہ

سیکورٹی ہمہ وقت یقینی بنانے کے لیے راولپنڈی پولیس تمام اقدامات کر رہی ہے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) سی پی او محمد مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر سینئر افسران نے چرچ اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کیا، تفصیلات کے مطابق سی پی او محمد مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر سینئر افسران نے چرچ اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کیا، ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی او، ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران نے فیلڈ میں موجود رہ کر سیکورٹی انتظامات کی نگرانی کی، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا گیا، فول پروف سیکورٹی ہمہ وقت یقینی بنانے کے لیے راولپنڈی پولیس تمام اقدامات کر رہی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)



اسلام آباد وزیر مملکت بلال بن ثاقب سے امریکی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

آئی جی کی زیر صدارت اجلاس، سیکورٹی اور سائبر خطرات کا جائزہ لیا گیا

ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی اور اسلام آباد پولیس کے اعلیٰ افسران کی شرکت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) انسپکٹر جنرل اسلام آباد لیجنڈ لیزی پولیس محمد کیپٹل چوہدری کی صدارت میں ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی دارالحکومت کی موجودہ سورتحال، سیکورٹی انتظامات اور امن و امان کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں ایس ایس پی آپریشنز، ڈپٹی انسپکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی اور اسلام آباد پولیس کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ پولیس حکام کے مطابق اجلاس میں ممکنہ سیکورٹی خطرات کے تناظر میں شہر بھر میں سیکورٹی انتظامات اور اہم مقامات و حساس تنصیبات کے تحفظ پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی، افسران کو ہدایت کی گئی کہ وہ ہر وقت چوکنا رہیں اور شہریوں کی جان و (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

قرآن پاک کے اوراقِ مقدس کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی

تحفظ اور باوقار ری سائیکلنگ کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں، احسان بھٹہ

لاہور (خصوصی رپورٹر) سیکرٹری ویسٹ اینڈ مینیجمنٹ اتھارٹی پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب نے قرآن پاک کے اوراقِ مقدس کے تحفظ، بے حرمتی کی روک تھام اور ان کی باوقار ری سائیکلنگ کے لیے بھرپور اور مؤثر اقدامات یقینی بنانے کا فیصلہ کیا ہے، اس سلسلے میں متعلقہ سکیل پر قرآن محل قائم کیے جائیں گے تاکہ شعری فرسودہ، بوسیدہ یا پھٹے ہوئے قرآنی اوراق اور مقدس اسلامی کتب باحفاظت مقررہ مقامات پر جمع کرائی جائیں اور ان کے تقدس و احترام کو ہر صورت برقرار رکھا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابہ وال اور پاکپتن کے دورے کے موقع پر کیا۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



کراچی، جماعت اسلامی کے کارکن ٹرین مارچ شروع کرنے سے قبل جمع ہو رہے ہیں

یاسین ملک کیس میں اہم پیشرفت، وکیل کا وکالت نامہ واپس لینے کی درخواست

وکیل نے یاسین ملک کیخلاف قتل کے مقدمے میں وکالت نامہ واپس لینے، نمائندگی ختم کرنے کی رخواست دائر کر دی

یاسین ملک کی نمائندگی سے دستبرداری جرم کا اعتراف نہیں: ایڈووکیٹ ابو عادل پنڈت کی ٹاڈا عدالت سے استدعا

سری نگر (صباح نیوز) تہاڑ دہلی کی جیل میں قید جموں و کشمیر لبریشن فرنٹ کے چیئرمین محمد یاسین ملک کے وکیل نے قتل کے مقدمے میں اپنا وکالت نامہ (پاور آف اٹارنی) واپس لینے اور نمائندگی ختم کرنے کی رخواست دائر کر دی ہے، یاسین ملک نے بھارتی عدالت پر عدم اعتماد کرتے ہوئے اپنے خلاف قتل کا مقدمہ وڈیو کانفرنس کے ذریعے چلانے کے اس فیصلے میں 3 ستمبر کو عدالت میں یاسین ملک کا بیان ریکارڈ بھی جمع کرا دیا گیا ہے، 1990 میں کشمیری پنڈت نرس سارا بھٹ کے قتل سے متعلق کیس میں ایک اہم قانونی پیش رفت گزشتہ روز سامنے آئی جب وکالت نامہ (پاور آف (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)



سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ حضرت بابا فرید گنج شکر کے مزار پر حاضری کے موقع پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

صفائی صرف مہم نہیں، زندگی کا حصہ بنانا ہوگا، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی بات چیت

کراچی (خصوصی رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم صفائی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ صفائی نصف ایمان اور صحت مند، پائیدار و مہذب معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے، اسے محض ایک مہم کے بجائے زندگی کا مستقل حصہ بنانا ہوگا، انہوں نے کہا کہ سول ایجنسیز کراچی، سندھی اور خوشحال عدا کی خدمت گار ہیں دیا اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنا دراصل خلق خدا اور دھر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

سی ڈی اے پانچ اہم ہوٹل پلاٹس 26 ستمبر کو نیلام کریگا

نیلامی صبح 10 1 بجے جناح کنونشن سینٹر میں ہوگی، کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی اہم مقامات پر ہوٹل منصوبوں کیلئے پلاٹس حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا جائیگا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) اسلام آباد میں پانچ اہم ہوٹل پلاٹس کی اوپن نیلامی 26 ستمبر 2026 کو کرے گی جس کا مقصد دارالحکومت میں ہوٹل اور مہمان نوازی کے بنیادی ڈھانچے میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے۔ نیلامی صبح 10 بجے جناح کنونشن سینٹر میں ہوگی، جہاں سرمایہ کاروں کو اسلام آباد میں اہم مقامات پر ہوٹل منصوبوں کے لیے پلاٹس حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ نیلامی میں پلاٹ نمبر 22، ڈی 12 مرکز، کنونشن سینٹر ہوٹل پلاٹ نمبر 6، بلاک 5/1، فائنانس اینڈ بزنس ہوٹل پلاٹ نمبر 8، بلاک 5/1 سری انکرانی ونے پاکستان ایکسپریس اور مارگلہ ہوٹل کے درمیان ای 11 سیکٹر میں ہوٹل پلاٹ اور ایک دیگر پلاٹ شامل ہے۔ سی ڈی اے نے سرمایہ کاروں کے لیے ایک سادہ طریقہ کار اور ایجنسی کا منصوبہ متعارف کرایا ہے تاکہ 75 فیصد ادائیگی پر باقی رقم کی بینک گارنٹی کے ساتھ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)



ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ دینے کیلئے آنے والے طلبہ کے ہمراہ والدین انتظار گاہ میں موجود ہیں

پٹرول کی قلت پیدا ہوگئی تو فی لیٹر قیمت 1000 تک بھی جا سکتی ہے، وزیر پٹرولیم

خطہ نہایت نازک دور سے گزر رہا ہے، موجودہ صورتحال میں ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدام کیا جا رہا ہے

سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے حملے قابل مذمت ہیں، وفاقی وزیر علی پرویز ملک کی لاہور میں میڈیا سے گفتگو

لاہور (نیوز ایکسچینج) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت ایک ہزار روپے تک جانے کا خدشہ ظاہر کر دیا، علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ فی الحال ملک میں پیٹرول کی کوئی قلت نہیں تاہم اگر قلت پیدا ہو گئی تو فی لیٹر قیمت ایک ہزار روپے تک بھی جا سکتی ہے۔ وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ تو انائی شعبے کے حوالے عالمی معاملات اور عالمی ضروریات کے مطابق کیے جاتے ہیں، موجودہ صورتحال میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدام کیا جا رہا ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ عالمی تیل منڈیوں میں بھونچال آیا ہوا ہے، کچھ کی کے باعث عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اور بھاری پر اتار چڑھاؤ دیکھا جا رہا ہے۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں 90 فیصد تک پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 50 فیصد اضافہ ہوا، انہوں نے کہا کہ امریکہ میں بھی 3 (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

باکو فیشن ایکسچینج کے دن کی تقریب کے موقع پر پاکستانی خواتین پاکستان کے رنگا رنگ روایتی اور ثقافتی ملبوسات میں شریک ہیں

FIA کا چھاپہ، غیر قانونی دستاویزات تیار کرنیوالا 16 رکنی گروہ گرفتار

کنسلٹنسی کور سینٹر دفاتر پر چھاپے، جعلی اپوسٹل سٹیکرز مہریں، دستاویزات ترسیل اور استعمال نیٹ ورک میں شامل 16 افراد زیر حراست

گرفتار افراد کا جسمانی ریمانڈ حاصل، نیٹ ورک سے منسلک دفتر خارجہ کے چھ عہدیداروں کی تلاش کے لیے چھاپے جاری

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان کی وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) کے انٹی کرپشن سرکل اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں متعدد کنسلٹنسی اور کوریئر دفاتر پر چھاپہ مار کارروائی کے دوران جعلی اپوسٹل سٹیکرز، سرکاری مہروں اور دستاویزات کی تیاری، ترسیل اور استعمال کا نیٹ ورک (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35) میں شامل 16 افراد کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ اس نیٹ ورک سے مبینہ طور پر منسلک دفتر خارجہ کے چھ عہدیداروں کی تلاش کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ملزمان جعلی اپوسٹل سٹیکرز اور کوریئر دفاتر پر چھاپہ مار کارروائی کے دوران ملکی اداروں سمیت مختلف علاقوں کے علاقے آباد میں واقع ایف ایٹ پلازہ کے کنسلٹنسی میں واقع متعدد کنسلٹنسی اور کوریئر دفاتر پر چھاپہ مارا۔ بیان میں کہا گیا کہ کارروائی کے دوران جعلی اپوسٹل سٹیکرز، سرکاری مہروں اور دستاویزات کی تیاری، ترسیل اور استعمال کا نیٹ ورک بے نقاب ہوا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ملزمان جعلی سرکاری مہریں اور اپوسٹل سٹیکرز تیار کرتے تھے، جو بیرون ملک استعمال ہونے والی دستاویزات کی تصدیق کیلئے لگائے جاتے ہیں، ملزمان کے قبضے سے 1 ہزار 471 جعلی اپوسٹل سٹیکرز، 468 جعلی مہریں، 420 جعلی سٹیمپ پیڈز اور 109 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی اے حکام کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

فرنٹیئر کور (نارتھ) بلوچستان میں شمولیت کا سنہری موقع

تمام خواہش مند حضرات سے درخواست ہے کہ فرنٹیئر کور سنٹر لورالائی میں 6 این سی ایس (سینئری ورکر) کی آسامی خالی ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد درخواستیں بمعہ مندرجہ ذیل دستاویزات مقررہ تاریخ **25** ستمبر 2026 دفتر ہذا میں تشریف لائیں:-

الف. 4 شناختی کارڈ کی کاپی بمعہ اصل
ب. 4 پولیس تصدیق / کردار سرٹیفکیٹ بمعہ اصل
ت. 4 سکول سرٹیفکیٹ کی کاپی بمعہ اصل
ج. 4 ڈومیسائل کی کاپی بمعہ اصل
د. 4 عدد پاسپورٹ سائز فوٹوگرافس

معیار برائے بھرتی:-

الف- عمر 18 تا 30 سال
ب- سول تعلیم 5th
ت- قد 5 فٹ 4 انچ

سہولیات:-

الف. پرکشش تنخواہ
ب. مفت رہائش / کھانا
ت. دوران سروس بیوی اور بچوں کا مفت علاج

پی ٹی سی ایل رابطہ نمبر: 0824-410305
پوسٹل ایڈریس: فرنٹیئر کور سنٹر لورالائی

میجر
برائے کمانڈنٹ
(محمد احمد فاروقی)

PID(Q)95/26

حلقہ 2 اسلام گڑھ میں ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ آئی ٹی کا قیام مشن ہے، مریم ادریس

میاں نواز شریف اور مریم نواز کا شکریہ جنہوں نے مجھے ممبر اسمبلی بنانے کے لیے انٹرویو میں وعدہ کیا تھا جو آج پورا کر دیا گیا

والد حاجی ادریس اور بھائی حسنین ادریس نے بھرپور سپورٹ کی، مسائل حل اور خدمت کیلئے حاضر ہوں، استقبالیہ سے خطاب

تکسوہی (نمائندہ خصوصی) رپورٹ، ممبر اسمبلی منتخب کے لیے یہ میری کامیابی نہیں بلکہ پورے علاقہ اور اسلام گڑھ تکسوہی کی عوام کی کامیابی ہے، میں اپنی ذمہ داریاں امن طریقے سے نبھانے کی پوری کوشش کروں گی ان خیالات کا اظہار ممبر اسمبلی مریم ادریس نے اپنے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میں میاں نواز شریف اور مریم نواز کا شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے مجھے ممبر اسمبلی بنانے کے لیے انٹرویو میں وعدہ کیا تھا اور آج وہ وعدہ پورا کر دیا گیا میں آج اپنی پارٹی اپنے آئینی گاؤں میں آئی ہوں میری کامیابی میں اہم کردار میرے والدین بھائیوں اور بالخصوص میرے ماموں کا کردار اہم ہے اس پورے دور میں سب سے اہم کردار میرے ماموں مرحوم چوہدری رب نواز کا ہے جنہوں نے مجھے سیاسی شعور کے ساتھ ساتھ حوصلہ دیا آج وہ ہمارے درمیان (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



لاہور، جنرل ہسپتال میں تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر پروفیسر آف میٹر الوجی ڈاکٹر عباد الرحمن کاشر کا کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسحاق ڈار کا 11 رابطہ گروپ میں کشمیر و فلسطین کا مقدمہ اٹھائیں گے، وزیر خارجہ نیویارک روانہ

نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کرینگے

جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر عالمی رہنماؤں، او آئی سی وزرائے خارجہ کے اجلاسوں میں بھی شریک ہونگے

اسلام آباد (نیوز ایکسچینج) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لیے نیویارک روانہ ہو گئے ہیں۔ وہ وہاں 81 ویں اجلاس کے موقع پر عالمی رہنماؤں، او آئی سی وزرائے خارجہ کے اجلاسوں میں شرکت کریں گے۔ وزیر اعظم بلوں و کشمیر کے بارے میں او آئی سی رابطہ گروپ کے اجلاس میں شرکت کریں گے، جس میں وہ کشمیریوں کے حق خود ارادیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کو اجاگر کریں گے۔ نائب وزیر اعظم اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر او آئی سی کے کئی وزرائے خارجہ کے اجلاسوں میں بھی شرکت کریں گے جن میں او آئی سی وزرائے خارجہ آٹھ عرب اسلامی ممالک کے گروپ کا اجلاس بھی شامل ہے۔ وہ بھی ممالک کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

خوردنی تیل کا درآمدی بل کم کرنے کیلئے دو مراحل پر مشتمل نیا منصوبہ تیار

پہلے مرحلے میں 2026 تا 2031 شارٹ ٹرم منصوبے پر کام ہوگا

پاکستان کا پام آئل کا سالانہ درآمدی بل 3 ارب 80 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان کا پام آئل کا سالانہ درآمدی بل 3 ارب 80 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا جس کے باعث حکومت نے خوردنی تیل کا درآمدی بل کم کرنے کیلئے دو مراحل پر مشتمل نیا منصوبہ تیار کر لیا ہے۔ وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ کا شارٹ ٹرم و لانگ ٹرم منصوبہ پر دو مراحل پر مشتمل ہوگا جس کا مقصد خوردنی تیل کا درآمدی بل کم کرکے مقامی پیداوار بڑھانا ہے۔ منصوبے کے تحت پہلے مرحلے میں 2026 تا 2031 شارٹ ٹرم منصوبے میں قابل کاشت رقبہ بڑھانے کی تجویز دی گئی ہے۔ لانگ ٹرم پلان سے 7 ارب ڈالر سے زائد درآمدی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

گوادر فش آکشن ہال طویل عرصے بعد دوبارہ فعال، سرمند جیٹی پر مچھلی کی باقاعدہ نیلامی شروع

گوادر (خصوصی رپورٹر) گوادر کے رکن صوبائی اسمبلی (ایم پی اے) مولانا ہدایت الرحمن اور گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمن خان نے سرمند فش لینڈنگ بیتی میں گوادر فش آکشن ہال اور سال لانگ سیزن کا افتتاح کر دیا، اس موقع پر دونوں شخصیات نے سال بلاڈز کو اظہار خیال کیا، مولانا ہدایت الرحمن نے کہا کہ ریاست کے مطابق فش آکشن ہال اور سال لانگ سیزن طویل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



سیکورٹی فورسز انسداد دہشتگردی کارروائی میں مصروف ہیں

پاکستان کی سلامتی کیلئے قوم متحد، قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، صفدر ساجد

منیجر عامر یونس نائیک، تحصیل منیجر عمیر قریشی، منیجر کنٹریکٹرز کامران امجد کی کوہستان صفائی آپریشن بریفنگ

تاجر اور شہری ستھرا پنجاب ایجنسی کیساتھ تعاون کریں، سڑکوں، بازاروں اور عوامی مقامات پر کوڑا پھینکنے سے گریز کریں

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی راجا ساجد صفدر نے تحصیل گوجر خان کا تحصیلی دورہ کیا اور شہر میں جاری صفائی آپریشن، ویسٹ انفورسمنٹ ٹی ایز اور ڈسپوزل ایجنسی کا معائنہ کیا، انہوں نے مختلف علاقوں میں صفائی کے انتظامات، ویسٹ کلیکشن اور نکاسی فضلہ کے نظام کا جائزہ لیتے ہوئے افسران اور فیلڈ عملے کو صفائی کے معیار میں مزید بہتری لانے کی ہدایات جاری کیں، اس موقع پر سینئر آپریشنز ڈائریکٹر اسٹرکٹ راولپنڈی عامر یونس نائیک، تحصیل منیجر آپریشنز عمیر قریشی اور سینئر کنٹریکٹر کامران امجد نے ایم ڈی راجا ساجد صفدر کو گوجر خان میں جاری صفائی آپریشن کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور انہیں شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرایا، ایم ڈی راجا ساجد صفدر نے مختلف بازاروں کا دورہ کرتے ہوئے دکانداروں اور شہریوں سے ملاقاتیں کیں اور صفائی کے حوالے سے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

Scanned with CamScanner